عوام کی آواز پاکستان کی آواز
ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
The Daily ZEBA-E-PAKISTAN
روزنامہ زیبائے پاکستان کوئٹہ
رجسٹرڈ نمبر RIO/27/353
ڈپٹی ایڈیٹر: محمد عرفان
ایڈیٹر: اسرار محمد کھیتران
قیمت 15 روپے
جلد نمبر 21 | بروز بدھ 7 اکتوبر 2026ء/ 24 ربیع الثانی 1448ھ | شمارہ نمبر 189

سرمایہ کاری اور معاشی ترقی کیلئے حکومت اور نجی شعبے کو مل کر کام کرنا ہوگا، محمد اورنگزیب

موسمیاتی تبدیلی سے نمٹنے کے لئے پالیسی کے ساتھ اداروں کی صلاحیت بڑھانا بھی ضروری ہے، آبادی اور بقا کے مسائل پر بھی توجہ دینا ہوگی، ہماری توجہ اکثر روزمرہ کے مسائل پر مرکوز رہتی ہے

2047 میں پاکستان جب سو سال کا ہوگا آبادی 40 کروڑ تک پہنچ جائے گی، وزیر خزانہ کا پاکستان کے پائیدار مستقبل میں سرمایہ کاری "فیئر و کانفرنس سے خطاب

کراچی (جی این ایم) وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ معاشی ترقی کے ساتھ برآمدات میں اضافہ ہماری ترجیح ہے، حکومت مالیاتی نظم وضبط اور معاشی استحکام پر توجہ دے رہی ہے، عالمی معاشی حالات کو مدِنظر رکھتے ہوئے معاشی پالیسی بڑھانا ہوگی۔ سرمایہ کاری کے فروغ میں حکومت کا کردار کلیدی ہے، مقامی سرمایہ کار فعال ہونگے تو بیرونی سرمایہ کاری آئے گی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے (باقی صفحہ 2 نمبر 4)

ایران سے براہِ راست مذاکرات کیلئے تیار ہیں، صدر ٹرمپ

میرا ذاتی خیال ہے اماراتی طیارہ واقعے کا ذمہ دار ایران ہے، امریکی صدر کی گفتگو

واشنگٹن (جی این ایم) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ وہ ایران سے براہِ راست مذاکرات کیلئے تیار ہیں۔ وائٹ ہاؤس میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے ٹرمپ نے کہا ہے کہ وہ ایران کے ساتھ براہِ راست مذاکرات (باقی صفحہ 2 نمبر 2)

اپوزیشن اور حکومت کے درمیان دوبارہ مذاکرات کی امید ہے، فواد چودھری

ایک طرف آپ بہت بڑے فیصلے کرنے جارہے ہیں پھر ملکی سیاست میں استحکام ضروری ہے

لاہور (جی این ایم) سابق وفاقی وزیر فواد چودھری نے کہا ہے کہ اپوزیشن اور حکومت کے درمیان اگلے چوبیس گھنٹوں میں دوبارہ مذاکرات کی امید ہے۔ انسداد دہشت گردی عدالت کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے (باقی صفحہ 2 نمبر 3)

بلوچستان میں موسم سرما کے نئے دفتری اوقات کا اعلان، ہفتہ وار دو چھٹیاں

پیر سے جمعرات تک سرکاری دفاتر صبح ساڑھے 8 بجے سے شام 4 بجے تک کھلے رہیں گے

کوئٹہ (جی این ایم) حکومت بلوچستان نے موسم سرما کے دوران سرکاری (باقی صفحہ 2 نمبر 1)

سعودی عرب کو جس قسم کی مدد کی ضرورت ہے مہیا کی جارہی ہے، وزیر دفاع

اس وقت ترکیے اور پاکستان کی افواج سپورٹ کا کردار ادا کررہی ہیں یمن میں حوثیوں نے پسپائی اختیار کی ہوئی ہے

یمن میں سعودی افواج لڑ رہی ہیں، پاکستان کی افواج سپورٹ کا کردار ادا کررہی ہیں، خواجہ آصف



ریاض: نائب وزیراعظم محمد اسحاق ڈار، وزیر دفاع خواجہ آصف، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر و دیگر کا مکہ مشترکہ معاہدے کے تحت سی ملکی اجلاس کے موقع پر گروپ فوٹو

اسلام آباد (جی این ایم) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ اس وقت یمن میں لڑائی سعودی فوجیں لڑ رہی ہیں جب کہ ترکیے اور پاکستان کی افواج سپورٹ کا کردار ادا کررہی ہیں۔ ایک انٹرویو میں وزیر دفاع نے کہا کہ اس وقت یمن میں حوثیوں نے پسپائی اختیار کی ہوئی (باقی صفحہ 2 نمبر 6)

پیپلز پارٹی عوامی خدمت کے ایجنڈے پر گامزن ہے، سردار عبید اللہ گورگیج

بلوچستان کی ترقی اور عوامی مسائل کا حل حکومت کی اولین ترجیحات ہیں، رکن بلوچستان اسمبلی

کوئٹہ (جی این ایم) رکن بلوچستان اسمبلی و پیپلز پارٹی کے رہنما سردار عبید اللہ گورگیج نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی عوامی خدمت کے ایجنڈے پر گامزن ہے اور عوام کی فلاح و بہبود، (باقی صفحہ 2 نمبر 7)

پی ٹی آئی کے ساتھ دوبارہ مذاکرات ہوسکتے ہیں، رانا ثناء اللہ

عسکری، سیاسی قیادت اور وفاقی حکومت کا فیصلہ ہے دہشتگرد ی کیخلاف جنگ کو حتمی نتیجے تک پہنچایا جائے

دہشت گردی کے خلاف جنگ میں وفاق کی پالیسی پر عمل کرنا صوبائی حکومت کی آئینی ذمہ داری ہے، وزیر اعظم کے مشیر

اسلام آباد (جی این ایم) وزیر اعظم کے مشیر برائے سیاسی امور سینیٹر رانا ثناء اللہ نے کہا کہ تحریک انصاف کے ساتھ دوبارہ مذاکرات ہوسکتے ہیں، دہشت گردی کے واقعات میں ملوث لوگ افغانستان سے ٹریننگ لے کر آتے ہیں وہیں سے کنٹرول ہوتے ہیں، دہشت گردوں کے (باقی صفحہ 2 نمبر 8)

خلجی ممالک ہمارے خلاف کارروائی کیلئے سرزمین استعمال نہ ہونے دیں، ایران

اگر ایسے حملوں کی اجازت دوبارہ دی گئی تو ایران اس کا جواب دے گا، علی کریمی مقام

تہران (جی این ایم) ایران نے بحرین سمیت خطے کے دیگر ممالک کو خبردار کیا ہے کہ وہ اپنی سرزمین، فوجی اڈے یا فضائی حدود ایران کے خلاف کسی بھی حملے کے لیے استعمال نہ ہونے دیں، بصورت دیگر تہران کی جانب سے جواب دیا جائے گا۔ ایرانی سرکاری خبر رساں (باقی صفحہ 2 نمبر 5)



اسلام آباد: وزیر اعظم شہباز شریف کشمیر چوک انڈر پاس کی سنگ بنیاد کی تقریب سے خطاب کررہے ہیں

لانگ مارچ اور دھرنے ختم کریں گے تو آپ کیساتھ بات کریں گے، وزیر اعظم

ہوش کے ناخن لیں، لانگ مارچ اور دھرنے ختم کریں، آپ ایسا کریں گے تو یقیناً ہم آپ کے ساتھ بیٹھیں گے اور بات کریں گے؛ شہباز شریف کا تقریب سے خطاب

اسلام آباد (جی این ایم) وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے پاکستان تحریکِ انصاف کو خبردار کیا ہے کہ وہ ہوش کے ناخن لے اور ملک کو نقصان پہنچانے والے لانگ مارچ کا سلسلہ ختم کرے، بصورت دیگر حکومت نے ہر طرح کا کڑا انتظام کر رکھا ہے، عوام کی جان و مال کی حفاظت ریاست کی بنیادی ذمہ داری ہے، جسے ہر صورت نبھایا جائے گا، پاکستان کی اس وقت جو عالمی سطح پر شہرت ہے، ہمارے اغیار بھی تعریف کرنے پر مجبور ہیں، آپ اس کو نقصان پہنچانا چاہتے ہیں تو ہم ایسا نہیں ہونے دیں گے، کسی صورت نہیں ہونے دیں گے، قانون اپنا راستہ اختیار کرے گا۔ اسلام آباد میں ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ان کا کہنا تھا کہ ہم نے ہمیشہ سنجیدگی اور نیک نیتی کے ساتھ مذاکرات کی کوشش کی، لیکن دوسری طرف کا واحد مقصد یہی تھا کہ یہ بات چیت کسی طرح بھی کامیاب نہ ہوسکے، اگر پی ٹی آئی اپنا لانگ مارچ ختم کردے گی تو حکومت یقیناً ان کے ساتھ بیٹھنے اور بات چیت کرنے کے لیے تیار ہے۔ شہباز شریف نے مزید کہا کہ دھرنوں اور لانگ مارچز کے بھیانک سائے ایک بار پھر ملک میں نمودار ہورہے ہیں (باقی صفحہ 2 نمبر 9)

امریکا ایران مذاکرات کیلئے پاکستان کا کردار قابل تحسین ہے، انتونیو گوتریس

پاکستان نے دہائیوں تک لاکھوں افغانوں کے لیے اپنے دروازے کھلے رکھے اور مشکل حالات میں بھی ہمدردی و ذمہ داری کا مظاہرہ کیا

فلسطینیوں کے حق خودارادیت کے مکمل حصول تک خطے میں پائیدار امن ممکن نہیں، سیکریٹری جنرل اقوام متحدہ کی اسحاق ڈار کے ہمراہ مشترکہ پریس کانفرنس

اسلام آباد (جی این ایم) اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل اقوام متحدہ انتونیو گوتریس نے کہا ہے کہ امریکا ایران مذاکرات کیلئے پاکستان کا کردار قابل تحسین ہے۔ وفاقی دارالحکومت میں اسحاق ڈار کے ہمراہ مشترکہ پریس کانفرنس کے دوران انتونیو گوتریس نے کہا ہے کہ فلسطینیوں کے حق خودارادیت کے مکمل حصول تک خطے میں پائیدار امن ممکن نہیں۔ انہوں نے کہا پاکستان نے دہائیوں تک لاکھوں افغانوں کے لیے اپنے دروازے (باقی صفحہ 2 نمبر 11)



کوئٹہ: وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کوئٹہ انٹیگریٹڈ سیکیورٹی پروجیکٹ سے متعلق اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

اسلام آباد، ایمان مزاری اور شوہر کے خلاف فرد جرم ٹل گئی

اسلام آباد (جی این ایم) اڈیالہ جیل میں بجلی کی بندش کے باعث عدم پیشی پر ایمان مزاری اور انکے شوہر ہادی علی چٹھہ کے خلاف فرد جرم ٹل گئی۔ انسداد دہشت گردی عدالت اسلام آباد کے جج طاہر عباس سپرانے ملزمان کے خلاف (باقی صفحہ 2 نمبر 13)

قلات، ایس ایچ او اور گن مین لاپتہ، مبینہ اغوا کا خدشہ

کوئٹہ (جی این ایم) بلوچستان کے ضلع قلات کے علاقے منگچر سے خالق آباد پولیس تھانے کے ایس ایچ او علی اصغر نیچاری اور ان کے گن مین سلمان کے لاپتہ ہونے کی اطلاع ملی (باقی صفحہ 2 نمبر 15)

مدینہ جانے سے روکا گیا، ایئرپورٹ پر دہشت گرد قرار دیا گیا، زابد ریکی کا بلوچستان اسمبلی میں انکشاف

میرے خلاف ثبوت ہیں تو سامنے لائے جائیں ایڈیشنل سیکرٹری داخلہ کو طلب کرکے وضاحت لی جائے، زابد ریکی

کوئٹہ (جی این ایم) بلوچستان اسمبلی کے جاری اجلاس میں اپوزیشن رکن زابد ریکی نے پوائنٹ آف آرڈر پر اظہار خیال کرتے ہوئے دعویٰ کیا ہے کہ انہیں مدینہ جانے کے لیے ایئرپورٹ پہنچنے پر روک دیا گیا اور ایف آئی اے حکام نے انہیں دہشت گرد قرار دیا۔ زابد ریکی کے (باقی صفحہ 2 نمبر 10)

دہشتگردی ایسا مسئلہ ہے جس پر کمپرومائز نہیں ہوسکتا: اسد عمر

ہر مسئلہ کیل نہیں ہوتا اور ہر مسئلے کا حل ہتھوڑا نہیں ہوتا، سابق وفاقی وزیر

لاہور (جی این ایم) سابق وفاقی وزیر اسد عمر کا کہنا ہے کہ دہشت گردی ایسا مسئلہ ہے جس پر کمپرومائز نہیں ہوسکتا۔ لاہور میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا ہے کہ گزشتہ برس کے پی حکومت نے تمام جماعتوں پر مشتمل جرگہ بلایا تھا، جرگے کے اعلامیے کی بنیاد پر مسئلے کو حل کریں۔ اسد عمر کا کہنا ہے کہ ہر مسئلہ کیل نہیں ہوتا اور ہر مسئلے کا حل ہتھوڑا نہیں ہوتا۔ واضح رہے کہ (باقی صفحہ 2 نمبر 12)

ریاست اور خیبر پختونخوا کا بنیادی مسئلہ سیاست نہیں بلکہ دہشت گردی ہے، بیرسٹر دانیال

اس مسئلے کو سیاسی نعروں کے بجائے حقائق اور اعداد و شمار کی بنیاد پر دیکھنا ہوگا، وفاقی پارلیمانی سیکرٹری برائے اطلاعات

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی پارلیمانی سیکرٹری برائے اطلاعات بیرسٹر دانیال چوہدری نے کہا کہ ریاست اور خیبر پختونخوا کا بنیادی مسئلہ سیاست نہیں بلکہ دہشت گردی ہے اور اس مسئلے کو سیاسی نعروں کے بجائے حقائق اور اعداد و شمار کی بنیاد پر دیکھنا ہوگا۔ منگل کو سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ گزشتہ دو سال میں خیبر پختونخوا میں تقریباً (باقی صفحہ 2 نمبر 14)

ہشت گردوں کی سرپرستی قبول نہیں، طلال چوہدری کا پی ٹی آئی کو پیغام

مذاکرات میں بڑا بریک تھرو ہوچکا تھا، وزیر اعلیٰ کے پی کی شرائط رکاوٹ بنیں، اس بار غلط فہمی ایسی دور ہوگی کہ پھر ملک میں مارچ نہیں ہوگا

حکومت نے نمٹنے کے لئے سیاسی اور آئینی سمیت تمام تر تدابیر مکمل کرلی ہیں، ٹی ایل پی ہو یا کوئی اور، اب کوئی نان سینس نہیں ہوگی، پریس کانفرنس

اسلام آباد (جی این ایم) وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری نے کہا ہے کہ حکومت اور اپوزیشن کے مذاکرات میں بڑا بریک تھرو ہوچکا تھا، تاہم وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا کی آخری وقت میں شرائط مذاکرات کی ناکامی کا باعث بنیں، اس وقت اپوزیشن کے مذاکرا (باقی صفحہ 2 نمبر 33)



اسلام آباد، وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب سے آئی ایف سی کے ڈائریکٹر مسٹر سائمن اینڈریوز ملاقات کررہے ہیں

صدر مملکت کا ڈیرہ اسماعیل خان میں دہشت گردی کے واقعات پر تشویش

اسلام آباد (جی این ایم) صدر مملکت آصف علی زرداری نے ڈیرہ اسماعیل خان میں دہشت گردی کے واقعات پر تشویش کا (باقی صفحہ 2 نمبر 32)

بھارتی نیوی کا اہلکار پاکستان کیلئے مبینہ جاسوسی کے الزام میں گرفتار

نئی دہلی (جی این ایم) بھارت کی جنوبی ریاست آندھرا پردیش اور آسام سے انڈین بحریہ کے ایک اہلکار کو مبینہ طور پر پاکستان کیلئے جاسوسی کرنے کے الزام میں گرفتار کرلیا (باقی صفحہ 2 نمبر 31)

چیئرمین بی آر اے عبداللہ خان اور ڈپٹی کمشنر گوادر نقیب اللہ کاکڑ کی ملاقات

تمام اہل کاروبار اور سروس فراہم کرنے والوں کو قانون کے تحت رجسٹر کرکے ٹیکس نیٹ میں شامل کیا جائے گا: چیئرمین بی آر اے

گوادر (خ ن) بلوچستان ریونیو اتھارٹی (بی آر اے) کے چیئرمین عبداللہ خان اور ڈپٹی کمشنر گوادر نقیب اللہ کاکڑ کے درمیان ایک اہم ملاقات ہوئی۔ جس میں ضلع گوادر میں ٹیکس بیس کی توسیع اور محصولات کی وصولی کو بہتر بنانے کے اقدامات کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں چیئرمین بی آر اے نے کہا کہ تمام اہل کاروبار اور سروس فراہم کرنے والوں کو قانون کے تحت رجسٹر کرکے ٹیکس (باقی صفحہ 2 نمبر 30)

ڈی ای او ہرنائی غلام حیدر ترین کا ضلع کے مختلف سرکاری اسکولوں کا دورہ

کلاس رومز میں تدریسی عمل کا معائنہ، حاضری رجسٹرز کی پڑتال اور طلبہ سے تعلیمی سوالات

ہرنائی (خ ن) ضلعی ایجوکیشن آفیسر (ڈی ای او) ہرنائی، غلام حیدر ترین نے ضلع کے مختلف سرکاری اسکولوں کا اچانک دورہ کیا۔ سرپرائز وزٹ کا مقصد اسکولوں میں تعلیم و تربیت کے معیار، اساتذہ و طلبہ کی حاضری اور انتظامی امور کا تفصیلی جائزہ لینا تھا۔ ؟دورے کے دوران ڈی ای او ہرنائی نے کلاس رومز میں جا کر تدریسی عمل (Teaching Process Learning and) کا بچشم خود معائنہ کیا اور طلبہ سے تعلیمی سرگرمیوں سے متعلق سوالات بھی کیے تاکہ (باقی صفحہ 2 نمبر 29)



کوئٹہ: گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل آل بلوچستان کیڈٹ کالجز کے 19ویں بورڈ آف گورنرز اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

پولیس کو چیلنجز سے نمٹنے کیلئے وسائل فراہم کرینگے، وزیر اعلیٰ بلوچستان

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت اعلیٰ سطحی اجلاس، کوئٹہ انٹیگریٹڈ سیکیورٹی پروجیکٹ شروع کرنے کا فیصلہ

محکمانہ اصلاحات: فرائض میں غفلت پر 871 پولیس اہلکار برطرف، 1,005 کی سیکیورٹی ڈیوٹیاں ختم، اجلاس میں بریفنگ

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت صوبے میں سیکیورٹی اور پولیسنگ کے نظام کو مزید مؤثر اور جدید بنانے کے حوالے سے اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا، جس میں صوبے کی مجموعی سیکیورٹی صورتحال، پولیس اصلاحات، جدید ٹیکنالوجی کے استعمال اور دہشت گردی کے چیلنجز سے نمٹنے کے لیے اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اجلاس میں ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ محمد حمزہ شفقات اور انسپکٹر جنرل پولیس بلوچستان محمد طاہر خان نے سیکیورٹی صورتحال، پولیسنگ کے نظام، محکمانہ اصلاحات اور سیکیورٹی اقدامات پر تفصیلی بریفنگ دی۔ اجلاس میں بلوچستان میں سیکیورٹی اور پولیسنگ کے نظام کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کے لیے کوئٹہ انٹیگریٹڈ سیکیورٹی پروجیکٹ شروع کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ کوئٹہ گرین ڈیجیٹل کوریڈور کے (باقی صفحہ 2 نمبر 18)

تعلیم کے شعبے میں غفلت اور لاپرواہی برداشت نہیں کی جائے گی: ڈاکٹر سلیم زرکون

ڈویژنل ڈائریکٹر ایجوکیشن ڈاکٹر سلیم زرکون کا بارکھان اور رکنی کے مختلف اسکولوں کا اچانک دورہ

بارکھان/رکنی (خ ن) ڈویژنل ڈائریکٹر ایجوکیشن کوہ سلیمان ڈویژن رکھنی ڈاکٹر سلیم زرکون نے گورنمنٹ ہائی سکول بارکھان، گورنمنٹ ہائی سکول کوڈی موڑ گورنمنٹ ہائی سکول رکنی اور دیگر ملحقہ سکولوں کا اچانک دورہ کیا۔ دورے کے دوران انہوں نے مختلف کلاس رومز کا معائنہ کیا اور طلباء سے نصابی سوالات پوچھ کر ان کے تعلیمی معیار کا جائزہ لیا۔ انہوں نے طلباء کی (باقی صفحہ 2 نمبر 20)

وفاقی وزیر خزانہ سے آئی ایف سی کے علاقائی ڈائریکٹر سائمن اینڈریوز کی ملاقات

نجی شعبے کی ترقی، سرمایہ کاری اور مالی سہولیات تک رسائی بڑھانے پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی وزیر خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے پیداواری سرمایہ کاری کے لیے ملکی وسائل کے ساتھ بین الاقوامی ترقیاتی اداروں کی مالی معاونت سے فائدہ اٹھانے کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ ایس ایم ایز، کاروباری افراد، زراعت اور ہاؤسنگ کے لیے طویل مدتی اور قابل استطاعت مالی سہولیات تک بہتر رسائی سے نجی سرمایہ کاری بڑھے (باقی صفحہ 2 نمبر 21)

اسلام آباد: وزیر اعظم شہباز شریف کو کشمیر چوک انڈر پاس کی سنگ بنیاد کی تقریب میں بریفنگ دی جارہی ہے

سعودی دفاع پر پاکستان کا عزم واضح اور ناقابل سمجھوتا، مکہ دفاعی معاہدے پر رپورٹس قیاس آرائیوں پر مبنی ہیں

مشترکہ دفاع کی آپریشنل تفصیلات عملیاتی رازداری کا معاملہ ہے، آپریشنل تفصیلات کو میڈیا کی قیاس آرائیوں کی نذر نہ کیا جائے، بیان

اسلام آباد (جی این ایم) وزارت اطلاعات نے واضح کیا ہے کہ حرمین شریفین اور سعودی عرب کے دفاع پر پاکستان کا عزم واضح اور ناقابل سمجھوتا ہے۔ مکہ دفاعی معاہدے پر رائٹرز کی رپورٹس قیاس آرائیوں پر مبنی ہیں۔ وزارت اطلاعات ونشریات سے جاری بیان کے مطابق مشترکہ دفاع کی آپریشنل تفصیلات عملیاتی رازداری کا معاملہ ہے۔ آپریشنل تفصیلات کو میڈیا کی قیاس آرائیوں کی نذر نہ کیا جائے۔ وزارت (باقی صفحہ 2 نمبر 25)

شمالی وزیرستان میں کامیاب آپریشن، وزیرِ ریلوے حنیف عباسی کا سیکیورٹی فورسز کو خراجِ تحسین

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی وزیرِ ریلوے محمد حنیف عباسی نے شمالی وزیرستان میں فتنہ الخوارج کے خلاف سیکیورٹی فورسز کی بڑی اور کامیاب کارروائی پر فورسز کے افسران (باقی صفحہ 2 نمبر 28)

وزیر اعظم نے کشمیر چوک انڈر پاس منصوبے کا سنگ بنیاد رکھ دیا

اسلام آباد (جی این ایم) وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے کشمیر چوک انڈر پاس منصوبے کا سنگ بنیاد رکھ دیا، یہ منصوبہ 1 ارب (باقی صفحہ 2 نمبر 26)

مشترکہ معاہدے سے متعلق قیاس آرائیوں سے گریز کیا جائے، وزارت اطلاعات

پی ٹی آئی کے پاس لوگ نہیں، لانگ مارچ اٹک سے آگے نہیں جاسکتا، فیصل کریم کنڈی

کے پی حکومت پر دہشتگردی کے واقعات پر پراسرار خاموشی اختیار کئے ہوئے ہے، ان میں اتنی صلاحیت نہیں

پشاور (جی این ایم) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ اٹک سے آگے لانگ مارچ جا ہی نہیں سکتا، ان میں اتنی صلاحیت نہیں، 20 لاکھ کا مجمع کہاں ہے، ان کے پاس لوگ ہی نہیں، صدر، وزیر اعظم جب فیصلہ کریں گے گورنر راج لگا دیا جائے گا۔ ایک انٹرویو میں فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ جو پاکستان کے آئین و قانون کے نہیں مانتے، یہ کہتے ہیں ان سے ڈائیلاگ کرو، جب دنیا میں پاکستان کا سافٹ امیج سامنے آتا ہے یہ ملک دشمنی کرتے ہیں۔ انہوں نے (باقی صفحہ 2 نمبر 24)

میری جان بھی لے لیں تو انکی پختون اور صوبہ دشمن پالیسی نہیں مانوں گا، سہیل آفریدی

گورنر راج آج لگانا ہے آج لگائیں، مجھے اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا، ہمارے لانگ مارچ کی منزل صوابی سے آگے ہی ہے، اس کا حتمی نتیجہ سب کے سامنے آجائے گا

ان کی ناکام پالیسی سے دہشتگردی کم نہیں ہورہی بڑھ رہی ہے، یہ پختون دشمن پالیسی ہے، یہ صوبہ دشمن پالیسی ہے، یہ پاکستان دشمن پالیسی ہے

پشاور (جی این ایم) خیبر پختونخواہ کے وزیر اعلیٰ سہیل آفریدی نے وفاق کی جانب سے گورنر راج یا ایمرجنسی لگانے کی دھمکیوں پر انتہائی سخت اور دوٹوک ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ وہ کسی قسم کی دھمکیوں سے ڈرنے والے نہیں ہیں۔ ایک انٹرویو میں موجودہ حکومتی پالیسیوں کو ہدفِ تنقید بناتے ہوئے سہیل آفریدی کا کہنا تھا کہ ناکام پالیسیوں کی وجہ سے دہشت گردی کم ہونے کے بجائے مسلسل بڑھ رہی ہے، یہ اگر میری (باقی صفحہ 2 نمبر 23)

بلوچستان میں صحت کے شعبے کی ڈیجیٹلائزیشن عالمی توجہ کا مرکز بن گئی، کوئٹہ کانفرنس میں ماڈل پیش

ڈیجیٹل ہیلتھ اصلاحات سے صحت کے شعبے میں شفافیت اور جوابدہی کو مضبوط بنا رہے ہیں: وزیر اعلیٰ سرفراز بگٹی

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان میں صحت کے شعبے کی ڈیجیٹلائزیشن عالمی توجہ کا مرکز بن گئی صوبے کی ڈیجیٹل ہیلتھ پالیسی اور اصلاحات کو 26 ممالک کی شرکت والی بین الاقوامی کانفرنس میں نمایاں کیا گیا ہے سری لنکا کے دارالحکومت کولمبو میں منعقدہ ڈی ایچ آئی ایس ٹو ایشیا پیسیفک کانفرنس میں بلوچستان کے ڈیجیٹل ہیلتھ ماڈل اور صحت کے نظام میں ٹیکنالوجی کے عملی استعمال کو بین الاقوامی سطح پر متعارف کرایا گیا کانفرنس میں مختلف ممالک کے نمائندگان، ماہرین صحت اور ترقیاتی (باقی صفحہ 2 نمبر 27)

آبنائے ہرمز کی غیر یقینی صورتحال، پاکستان کا قطر سے 3 ایل این جی کارگو لینے کا فیصلہ

اسلام آباد (جی این ایم) حکومت نے آبنائے ہرمز کے راستے توانائی کی فراہمی سے متعلق غیر یقینی صورتحال کے پیش نظر اکتوبر کے دوران قطر سے ایل این جی کے تین کارگو حاصل (باقی صفحہ 2 نمبر 19)

وزیر اعظم کی موسم سرما میں گیس لوڈ مینجمنٹ کا لائحہ عمل تیار کرنے کی ہدایت

اسلام آباد (جی این ایم) وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے موسم سرما میں گیس کی لوڈ مینجمنٹ کیلئے جامع لائحہ عمل مرتب کرنے اور (باقی صفحہ 2 نمبر 22)



اسلام آباد: نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار سے اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس ملاقات کررہے ہیں

ایس سی او کانفرنس سے قبل اسلام آباد کو خوبصورت بنانا ہے، محسن نقوی

کشمیر چوک انڈر پاس سمیت اہم ٹریفک اور انفراسٹرکچر منصوبے ایس سی او کانفرنس کے انعقاد سے قبل ہر صورت مکمل کیے جائیں

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے تعاون تنظیم (ایس سی او) کانفرنس سے قبل وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کو ایک جدید، مختلف اور مثالی خوبصورت شہر میں تبدیل کرنے کا وژن دیا ہے، کانفرنس کے انعقاد میں ایک سال سے بھی کم وقت رہ گیا ہے، لہٰذا تمام تر قیاتی منصوبوں کو دن رات کام کرکے مقررہ مدت کے اندر پایہ تکمیل تک پہنچایا جا رہا ہے تاکہ پاکستان آنے والے غیر ملکی معزز مہمانوں کو بہترین (باقی صفحہ 2 نمبر 17)

پسنی میں اساتذہ کی تربیت کا 16 روزہ پروگرام کامیابی سے اختتام پذیر

جی پی ای اور یونیسیف کے تعاون سے پائٹ بلوچستان کے تحت خواندگی اور عددی مہارتوں کا تربیتی ورکشاپ

پسنی (خ ن) گلوبل پارٹنرشپ فار ایجوکیشن (GPE) اور یونیسیف (UNICEF) کے تعاون سے پروونشل انسٹیٹیوٹ فار ٹیچر ایجوکیشن (PITE) بلوچستان کے زیر اہتمام خواندگی اور عددی مہارتوں کے فروغ کے لیے 16 روزہ اساتذہ تربیتی پروگرام پسنی میں کامیابی سے اختتام پذیر ہوگیا تربیتی ورکشاپ میں پسنی سے 31 اساتذہ نے شرکت کی، جہاں ماسٹر ٹرینرز نذیر باہوٹ اور حاکم حکیم نے شرکاء کو جدید تدریسی طریقہ کار، خواندگی، عددی مہارتوں اور (باقی صفحہ 2 نمبر 16)

اسلام آباد: وزیر اعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار سے اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس ملاقات کررہے ہیں

The Daily ★★ ZEBA-E-PAKISTAN ★★★

رجسٹریشن نمبر RIO/27/353

روزنامہ زیبائے پاکستان کوئٹہ

ڈپٹی ایڈیٹر: محمد عرفان

قیمت: 15 روپے

ایڈیٹر: اسرار محمد کھیتران

چیف ایڈیٹر و پبلشر اسرار محمد کھیتران نے الکریم پرنٹنگ پریس پٹیل باغ نزد چلڈرن ہسپتال کواری روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ زیبائے پاکستان آفس نمبر 303 تیسری منزل یونیورسل کمپلیکس، ایم اے جناح روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔

رابطہ نمبر 03136823946/03327865820

dailyzebaepakistan.pk@gmail.com

dailyzebaepakistanquetta@gmail.com

ٹیکس سہولت سینٹر قائم

ڈائریکٹر ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن (ای ٹی او) راولپنڈی ڈویژن نعمان خالد نے میڈیا ٹان سوسائٹی آفس میں صحافیوں اور دیگر رہائشیوں کی سہولت سمیت مسائل کے حل کیلئے ای ٹی او فیسلیٹیشن سینٹر قائم کرنے کا اعلان کیا ہے۔ ڈائریکٹر ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن راولپنڈی ڈویژن نعمان خالد نے میڈیا ٹاؤن ہاؤسنگ سوسائٹی کا دورہ کیا جہاں مینجمنٹ کمیٹی کے صدر رانا قیصر سینئر صحافیوں طارق چوہدری، ساجد چوہدری، افضل جاوید، امجد صدیق، ملک طارق حسین، حاجی وحید، ملک حفیظ، وحید چوہدری سمیت دیگر شخصیات سے ملاقات کی اور میڈیا ٹان کے رہائشیوں کو درپیش ٹیکس سے متعلق مسائل، ٹیکس ادائیگیوں اور دیگر امور پر تفصیلی گفتگو کی جبکہ مینجمنٹ کمیٹی نے انکے مستقل حل کیلئے تجاویز پیش کی۔ ڈائریکٹر ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن نعمان خالد نے مینجمنٹ کمیٹی کو یقین دہانی کرائی کہ میڈیا ٹاؤن کے رہائشیوں کو ٹیکس معاملات میں ہر ممکن سہولت اور تعاون فراہم کیا جائے گا اور ان کے مسائل کے حل کیلئے موثر اقدامات اٹھائے جائیں گے۔ مینجمنٹ کمیٹی کی درخواست پر ڈائریکٹر ایکسائز نے میڈیا ٹان سوسائٹی آفس کو ٹیکس فیسلیٹیشن سینٹر کا درجہ دینے کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ ہر ہفتے ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن کی ٹیم دوپہر 2 بجے سے شام 5 بجے تک سوسائٹی آفس میں موجود رہے گی۔ ایکسائز ٹیم سوسائٹی کے رہائشیوں کے ٹیکس سے متعلق معاملات، ادائیگیوں اور دیگر مسائل کو موقع پر حل کرنے کیلئے رہنمائی اور سہولت فراہم کرے گی۔

سفارتی تعلقات اور درپیش چیلنجز

از قلم /// غلام رسول بلوچ

پاکستان کے سفارتی تعلقات میں ماضی قریب میں پاکستان کے خلاف بھارتی جارحیت کے جواب میں پاکستان کے دندان شکن جواب نے دنیا بھر میں پاکستان کی جو اہمیت اجاگر کی اس سے ان تعلقات میں مضبوطی آ گئی۔ بھارت نے پاکستان کو سفارتی محاذ پر تنہا کرنے کے لیے پاکستان کے امیج کو نقصان پہنچانے کی ہر ممکن کوششیں کیں لیکن پاکستان کی قوم اور افواج نے بھارتی سازشوں کو ناکام بنایا۔ پاکستان کا سعودی عرب اور ترکی کے ساتھ دفاعی معاہدہ دنیا بھر میں ایک خاص اہمیت اختیار کر گیا ہے چونکہ خطے کے حالات کے تناظر میں یہ ایک ضروری پیش رفت تھی جو ممکن ہوئی۔ حالیہ کچھ عرصے میں دیکھنے میں آیا ہے کہ پاکستان کو سفارتی میدان میں کامیابیاں حاصل ہوئی ہیں۔ پاکستان کی جیو پولیٹیکل پروفائل بڑھی ہے۔ جب ایک مرتبہ ایک بھارتی صحافی نے روسی صدر سے سوال کیا کہ پاکستان مکمل طور پر چین کے کنٹرول میں ہے تو اس پر روسی صدر نے جواب دیا کہ بالکل نہیں پاکستان ایک بڑا ملک ہے اور اس وقت اس کے دنیا کے اہم ممالک کے ساتھ بہترین سفارتی تعلقات ہیں پاکستان ایک خود مختار ملک ہے۔ پاکستان اپنی جغرافیائی اعتبار سے حامل اہمیت کی وجہ سے عالمی دنیا کو پاکستان کی اہمیت اور مقام کا اندازہ ہے۔ ان سب سفارتی کامیابیوں کا اگر جائزہ لیا جائے تو پاکستان نے جب سے 10 مئی کو بھارت کی جارحیت کے جواب میں بھارت کو مار پڑی ہے اس سے پاکستان کی اہمیت اور پاکستان کی صلاحیتوں کا دنیا بھر کو معترف کر دیا ہے۔ پاکستان کی عسکری قیادت نے ملک کی سیاسی و جمہوری قیادت کے ساتھ مل کر ملک کو اس گرداب سے نکالنے میں اہم کردار ادا کیا ہے جس میں بھارت پوری کوشش کر رہا تھا کہ پاکستان کو دنیا بھر میں سفارتی طور پر تنہائی کا شکار کر دے۔ اس مذموم مقصد کے لیے بھارت نے پاکستان کے خلاف ہائبرڈ وار؟ منفی اور جھوٹا پروپیگنڈہ؟ پاکستان کے خلاف بھارتی میڈیا چینلز اور سوشل میڈیا ٹرولرز کے ذریعے جھوٹے بیانیے ترتیب دیئے جاتے ہیں۔ پاکستان کی عوام میں انتشار اور فساد پھیلانے کے لیے پاکستان کے خلاف منظم پروپیگنڈہ کر کے بدگمانیاں پھیلا کر ذہن سازی کرنے کی کوششیں کی جاتی ہیں۔ دہشت گردی کو بطور ریاستی پالیسی استعمال کر کے پاکستان میں دہشت گرد تنظیموں اور فتنہ الہندوستان اور فتنہ الخوارج کی بھرپور معاونت اور فنڈنگ بھارت کی طرف سے جاری ہے۔ یہ پاکستان کی خود مختاری کے خلاف گہری سازش ہے اور پاکستان کو معاشی و عسکری لحاظ سے نقصان پہنچانے کی سازش ہے۔ پاکستان کو اپنی حالیہ سفارتی کامیابیوں کو معاشی اور سیاسی کامیابیوں میں بدلنے کی ضرورت ہے۔ اس کے لیے سیاسی ہم آہنگی اور قومی ہم آہنگی کی ضرورت ہے۔ پاکستان کے دنیا کے ممالک کے ساتھ جو سفارتی تعلقات میں نیا موڑ آیا ہے جب پاکستان کی عسکری کامیابیوں نے پوری دنیا کو اپنا گرویدہ ملک بنا دیا ہے۔ اگر پاکستان کی صلاحیتوں کو ماننے سے کوء انکاری ہے اور تعریف نہیں کر پا رہا تو وہ اسرائیل اور بھارت ہیں چونکہ ان کی پاکستان کے خلاف سازشیں ناکامی سے دوچار ہیں۔ پاکستان کو عدم استحکام اور تنہائی کا شکار کرنے کی کوششیں بری طرح ناکام ہو گئے ہیں۔ پاکستان کی افواج نے اس ملک کے دفاع اور اس ملک کو مضبوط کرنے میں اپنی قوم کے تعاون سے اہم کردار ادا کیا ہے۔ پاکستان کی افواج اور دیگر سیکورٹی اداروں کی ملک کے لیے قربانیاں اور شہادتیں قابل تحسین ہیں اور قابل تکریم بھی۔ پاکستان کی سیاسی و پارلیمانی قیادت کو ملکی مفادات کے پیش نظر پاکستان کو معاشی اور سیاسی طور پر مضبوط بنانے کے لیے قومی یکجہتی کی اہمیت اور افادیت کی طرف جانا ہو گا۔ جب پاکستان میں سیاسی استحکام ہو گا تو معاشی استحکام بھی آئے گا۔ اور پاکستان ترقی کرے گا۔ پاکستان کی خوشحالی اور کامیابیوں کے لیے ضروری ہے کہ موجودہ سفارتی کامیابیوں کو معاشی استحکام اور سیاسی استحکام کے لیے بھی بروئے کار لا کر ملک سے سیاسی اختلافات اور انتشار کا خاتمہ کر کے پاکستان کو مضبوط بنایا جائے۔ زمہ دارانہ قومی کردار سے درست سمتوں کا تعین ممکن ہے۔ پاہستان کی خارجہ پالیسی ہمیشہ سے کامیاب رہی ہے پاکستان کو اندرونی محاذ پر چیلنجز کا سامنا ضرورت ہے لیکن قوم کے تعاون سے افواج پاکستان ان درپیش چیلنجز اور بحرانوں سے جلد نمٹ لے گی۔ اللہ تعالیٰ پاکستان کا حامی و ناصر ہو آمین

☆☆☆☆

عملی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی ترقی، بے روزگاری کے خاتمے اور عوام کو درپیش مشکلات کا ازالہ وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔ سردار عبید اللہ گورگیج نے کہا کہ پیپلز پارٹی نے ہمیشہ عوام کے

کالعدم تنظیم سے کیا تعلق ہے۔ زاہد ریکی نے کہا کہ انہیں دہشت گرد قرار دے کر ان کا استحقاق مجروح کیا گیا ہے۔ اگر ان کے خلاف کوئی ثبوت موجود ہیں تو انہیں سامنے لایا جائے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ ایڈیشنل سیکرٹری داخلہ حمزہ شفقات کو اسمبلی میں

جاری ہیں، جبکہ واقعے سے متعلق مزید معلومات جمع کی جا رہی ہیں۔

16

موثر تعلیمی حکمتِ عملیوں کے حوالے سے عملی تربیت فراہم کی تربیتی ورکشاپ کے اختتام پر شرکاء میں سرٹیفکیٹ

کلاس رومز، صحن اور صفائی ستھرائی کی صورتحال بھی دیکھی اور سکول انتظامیہ کو تعلیمی ماحول مزید بہتر بنانے کی ہدایت کی۔ ڈاکٹر سلیم زرکون نے کہا کہ تعلیم کے شعبے میں غفلت اور لاپرواہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ اساتذہ اپنی حاضری یقینی بنائیں اور

پسندی کے خلاف تعاون مانگتا ہے تو ان کا جواب ہوتا ہے کہ فوج کو صوبے سے نکال دیا جائے اور افغانستان کے ساتھ مذاکرات کیے جائیں۔ انہوں نے عمران خان پر ماضی میں عسکریت پسندوں کو خیبر پختونخوا میں بسانے کا الزام لگاتے ہوئے کہا کہ اسی

سہولتوں کی فراہمی اور کاروبار میں آسانی کو یقینی بنانے پر زور دیا۔ ڈپٹی کمشنر گوادر نے ٹیکس انتظامیہ کی مضبوطی اور بلوچستان سیلز ٹیکس آن سروسز (بی ایس ٹی ایس) اور پروفیشنل ٹیکس کے تحت محصولات میں اضافے کے لیے مکمل تعاون کی یقین دہانی

[illegible]

01

جائیں۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان چوتھے اقتصادی جائزہ مذاکرات جاری ہے۔ پاکستانی حکام اور آئی ایم ایف مشن نے ایم ای ایف پی کی تیاری پر کام شروع کردیا۔آئی ایم ایف مشن کے ساتھ وزارت پٹرولیم اور پاور ڈویژن کے مذاکرات میں فنڈ نے صوبوں کی رضامندی سے شوگر سیکٹر کو ڈی ریگولیٹ کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ذرائع کے مطابق صوبہ سندھ نے مرکز کی شوگر پالیسی کو صوبائی خودمختاری میں مداخلت قراردیدیا، ذرائع وزارت خزانہ کے مطابق سندھ کے اختلاف کی وجہ سے شوگر پالیسی طے نہیں ہو سکی۔آئی ایم ایف مشن کی وزارت خزانہ کے حکام کے ساتھ آج پھر ملاقات ہوگی، آئی ایم ایف نے آٹو پالیسی میں ای ویز کو دی گئی ٹیکس چھوٹ ختم کرنے کا مطالبہ بھی کردیا۔ مشن پٹرول سبسڈی اسکیم جاری رکھنے پر رضامند ہوگیا تاہم ساتھ میں مطالبہ کیا ہے کہ اسکیم میں مزید صارف نہ بڑھائیں جائیں۔واضح رہے کہ قرض پروگرام کی اگلی قسط کی راہ ہموار کرنے کیلئے پاکستان اور آئی ایم ایف کے مذاکرات آخری مراحل میں ہیں ۔ چوتھے جائزہ مذاکرات میں توانائی شعبے کی اصلاحات، ٹیکس وصولیوں اور معاشی اہداف پر بات چیت جاری ہے۔ مذاکرات کامیاب رہے تو رواں ہفتے اسٹاف لیول معاہدہ طے پانے کا امکان ہے۔آئی ایم ایف مشن نے میمورنڈم آف فنانشل اینڈ اکنامک پالیسی پیش کردیا۔ذرائع کے مطابق وفد کی ایف بی آر اور وزارت پٹرولیم کے حکام سے ملاقاتیں ہوں گی۔ وزیراعظم کی فیول سبسڈی اسکیم، گیس ٹیرف اور توانائی شعبے کے گردشی قرضے زیر بحث آئیں گے۔تکنیکی سطح کے مذاکرات میں ایف بی آر نے رواں سال کا ٹیکس ہدف حاصل کرنے کی یقین دہانی کرائی۔ آئی ایم ایف مشن نے اب تک کی پیش رفت اور جولائی سے ستمبر تک کے محصولات پر اطمینان کا اظہار کیا ہے۔ اقتصادی ٹیم نے دسمبر 2026 تک نئے این ایف سی کی یقین دہانی بھی کرائی ہے۔پاور سیکٹر کی مجموعی کارکردگی پر اطمینان کے باوجود آئی ایم ایف نے گردشی قرضے میں کمی، ڈسکوز کے نقصانات پر قابو پانے اور نجکاری کے لیے اقدامات پر زور دیا۔ پالیسی سطح کے مذاکرات میں معاشی اصلاحات، ایف بی آر محصولات اور دیگر اقدامات کو حتمی شکل دی جائے گی۔ذرائع کے مطابق رواں سال پاکستان کی جی ڈی پی شرح نمو چار فیصد تک رہنے کا امکان ہے۔علاقائی کشیدگی کے باعث کرنٹ اکاؤنٹ خسارے پر دباؤ بڑھ سکتا ہے۔ مذاکرات کی کامیابی کی صورت میں آئی ایم ایف مشن مجموعی جائزے کا اعلامیہ جاری کرے گا۔ بات چیت نامکمل رہنے کی صورت میں ورچوئل مذاکرات جاری رہیں گے۔ قرض پروگرام کی پانچویں قسط کا اجرا آئی ایم ایف ایگزیکٹو بورڈ کی منظوری سے مشروط ہوگا۔ وفد کی وزیراعظم شہباز شریف سے ملاقات کا بھی امکان ہے۔

02

مطابق ملک بھر میں بجلی کا شارٹ فال بڑھ گیا ہے، اس وقت ملک میں بجلی کا شارٹ فال 4ہزار میگاواٹ سے زیادہ ہے۔متعدد پاور پلانٹس سسٹم سے نکل گئے ہیں اور ہائیڈل پیداوار بھی کم ہوگئی ہے۔شہروں اور دیہات میں 3 سے 4 گھنٹے لوڈ شیڈنگ کی جارہی ہے۔دوسری جانب لیسکو ریجن میں شارٹ فال 1500 میگاواٹ سے بھی تجاوز کرگیا ہے۔لیسکو ذرائع کے مطابق شارٹ فال بڑھنے کی وجہ ڈیزل ، گیس اور ہائیڈل پاور میں کمی ہے۔لیسکو ریجن میں ہر گھنٹے بعد ایک گھنٹہ جبری لوڈشیڈنگ کی جارہی ہے۔ذرائع نے خبردار کیا ہے کہ آئندہ کئی روز تک بجلی کی بدترین لوڈشیڈنگ کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔فوکل پرسن ینگ انجینئرنگ کونسل عثمان فاروق کا کہنا ہے کہ ملک بھر میں بجلی کا بحران شدت اختیار کرگیا ہے۔فوکل پرسن کے مطابق سسٹم سے متعدد پاور ہاؤس نکل گئے جن کا 16 اکتوبر تک واپسی کا امکان ہے جس سے بجلی کا شارٹ فال ساڑھے چار ہزار میگاواٹ سے بڑھ گیا اور لیسکو سمیت تمام ڈسکوز میں صورتحال ابتر ہے۔عثمان فاروق نے بتایا کہ بجلی کے شارٹ فال سے غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ 3 سے 4 گھنٹے تک جا پہنچی ہے، گیس کے بعد ڈیزل اور پانی کی جنریشن بھی کم ہوگئی ہے۔ذرائع کے مطابق لیسکو چیف کی ڈیمانڈ پر بھی بجلی کا کوٹہ نہ بڑھایا جاسکا ہے، سسٹم اس وقت ابتر صورتحال کا شکار ہے، آئندہ کچھ روز بدترین لوڈشیڈنگ کا سامنا کرنا پڑسکتا ہے۔

03

فیصلہ جاری کر دیا، عدالت نے سیشن جج بہاولنگر کو شاہد اور ممتاز احمد کے متضاد دعوں کی مکمل انکوائری کر کے متعلقہ دستاویزات اور شہادتیں ریکارڈ کرنے اور تین ہفتوں میں رپورٹ ہائیکورٹ میں پیش کرنے کا حکم دیا۔ فیصلے کے مطابق سمیرا بی بی کو 5 جون 2018 کو چک قاسمکا میں کلہاڑی کے وار کرکے قتل کیا گیا تھا، مقتولہ کے والد اللہ دتہ کی درخواست پر تھانہ تحت محل بہاولنگر میں مقدمہ درج ہوا، ٹرائل کورٹ نے 15 مئی 2019 کو مقصود احمد کو دفعہ (302 ب) تعزیرات پاکستان کے تحت عمر قید اور دو لاکھ روپے معاوضے کی سزا سنائی، جبکہ شریک ملزم نیاز احمد کو بری کر دیا تھا۔ملزم نے سزا کے خلاف ہائیکورٹ سے رجوع کیا اور دوران اپیل مقتولہ کے والدین سے صلح کی بنیاد پر دفعہ 345 ضابطہ فوجداری کے تحت بریت کی درخواست دائر کی، تاہم صلح کے وقت مقتولہ کے قانونی وارث ہونے کے معاملے پر تنازع سامنے آگیا، مقتولہ کے والدین نے شاہد کو سمیرا کا شوہر قرار دیا،

04

گئے، شدید ژالہ باری سے کھڑی فصلوں اور میوہ جات کے باغات کو نقصان پہنچا، راولپنڈی اسلام آباد اور آزاد کشمیر کے مختلف علاقوں میں ہلکی بارش جبکہ بلند پہاڑی چوٹیوں پر ہلکی برفباری سے بالائی علاقوں میں سردی کی لہر شروع ہوگئی۔ترجمان پی ڈی ایم اے کے مطابق راولپنڈی، مری، گلیات، اٹک، چکوال، جہلم، منڈی بہاؤ الدین، گجرات، گوجرانوالہ، حافظ آباد اور وزیرآباد میں بارش کا امکان ہے، اسی طرح لاہور، قصور، شیخوپورہ، سیالکوٹ، نارووال، میانوالی، خوشاب، سرگودھا، جھنگ، ٹوبہ ٹیک سنگھ اور فیصل آباد میں بھی بارش کی پیشگوئی کی گئی ہے۔

05

کے مطابق احسن اقبال نے ٹیلی فونک رابطے میں وزیراعظم شہباز شریف کی جانب سے جماعت اسلامی کی قیادت کے ساتھ مذاکراتی عمل کو آگے بڑھانے کے حوالے سے بات چیت کی۔لیاقت بلوچ نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف اور امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن کے درمیان ملاقات کے لئے جماعت اسلامی اور حکومتی کمیٹیوں کی جانب سے جلد شیڈول طے کیا جائے گا۔انھوں نے کہا کہ دونوں رہنما طے شدہ شیڈول کے مطابق ملاقات کریں گے، جس کے انتظامی اور دیگر امور کو حتمی شکل دینے کے لیے جماعت اسلامی اور حکومتی کمیٹی کے درمیان تفصیلات جلد طے ہوں گی۔لیاقت بلوچ کے مطابق وزیراعظم اور امیر جماعت اسلامی کی متوقع ملاقات میں پٹرولیم لیوی کے خاتمے اور عوامی ریلیف سے متعلق امور زیر بحث آئیں گے۔ان کا کہنا تھا کہ حافظ نعیم الرحمن وزیراعظم سے ملاقات میں بجلی کی قیمتوں میں کمی اور آئی پی پیز سے متعلق امور پر بھی بات کریں گے۔ جماعت اسلامی نے مطالبہ کیا ہے کہ پٹرولیم لیوی کو مکمل طور پر ختم کیا جائے۔

06

ہنگامی ذخائر جاری کرنے کے فیصلے سے رسد کے حوالے سے خدشات میں کمی آئی ہے۔

07

سربراہ کا نام درج نہیں۔الیکشن کمیشن ریکارڈ کے مطابق ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی ایم کیو ایم پاکستان کے سربراہ ہیں، ایاز لطیف پلیجو کی قومی عوامی تحریک الیکشن کمیشن کی فہرست میں 89ویں نمبر پر موجود ہے، تحریک لبیک پاکستان الیکشن کمیشن کی فہرست میں 97ویں نمبر پر رجسٹرڈ ہے تاہم اس میں سربراہ کا نام درج نہیں۔الیکشن کمیشن کے ریکارڈ میں پیر پگارا سید صبغت اللہ شاہ راشدی کے نام سے دو جماعتیں رجسٹرڈ ہیں، پیر پگارا کے نام پر مسلم لیگ فنکشنل اور گرینڈ ڈیموکریٹک الائنس الیکشن کمیشن میں رجسٹرڈ ہیں۔ دستاویزات کے مطابق 161 سیاسی جماعتوں کی فہرست میں مختلف جماعتوں کے سربراہان اور رجسٹریشن کی تفصیلات شامل ہیں، الیکشن کمیشن نے رجسٹرڈ سیاسی جماعتوں کی تازہ فہرست سرکاری ریکارڈ کے مطابق جاری کی۔

08

میں سربراہ کا نام درج نہیں۔الیکشن کمیشن ریکارڈ کے مطابق ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی ایم کیو ایم پاکستان کے سربراہ ہیں، ایاز لطیف پلیجو کی قومی عوامی تحریک الیکشن کمیشن کی فہرست میں 89ویں نمبر پر موجود ہے، تحریک لبیک پاکستان الیکشن کمیشن کی فہرست میں 97ویں نمبر پر رجسٹرڈ ہے تاہم اس میں سربراہ کا نام درج نہیں۔الیکشن کمیشن کے ریکارڈ میں پیر پگارا سید صبغت اللہ شاہ راشدی کے نام سے دو جماعتیں رجسٹرڈ ہیں، پیر پگارا کے نام پر مسلم لیگ فنکشنل اور گرینڈ ڈیموکریٹک الائنس الیکشن کمیشن میں رجسٹرڈ ہیں۔ دستاویزات کے مطابق 161 سیاسی جماعتوں کی فہرست میں مختلف جماعتوں کے سربراہان اور رجسٹریشن کی تفصیلات شامل ہیں، الیکشن کمیشن نے رجسٹرڈ سیاسی جماعتوں کی تازہ فہرست سرکاری ریکارڈ کے مطابق جاری کی۔

09

دوسری جانب بانی پی ٹی آئی سے فوری ملاقات کیلئے سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل کو درخواست دے دی گئی، درخواست کے مطابق بانی پی ٹی آئی کی صحت سے متعلق معلومات حکومتی مذاکراتی کمیٹی کے ارکان سے ملیں، بانی پی ٹی آئی کی صحت سے متعلق معلومات سنگین ہیں نظرانداز نہیں کیا جاسکتا۔ درخواست کے مطابق بانی پی ٹی آئی کا بلڈ پریشر انتہائی حد تک بڑھنے کی اطلاعات ملیں، رانا ثنا اللہ، نوید قمر، اعجاز جاکھرانی سمیت حکومتی کمیٹی ارکان نے معلومات کی تصدیق کی، بانی کی صحت، سلامتی اور خیریت جاننے کیلئے فوری ملاقات ضروری ہے۔

10

اور تینوں بہنوں سے نہ تو اہل خانہ اور نہ ہی وکلا کی ملاقات کرائی جارہی ہے۔ درخواست میں کہا گیا ہے کہ تینوں بہنوں کو روٹین کی ادویات اور اشیا فراہم کرنے کی بھی اجازت نہیں دی جارہی۔درخواست میں ڈاکٹر عظمٰی خان کے شوہر نے کہا کہ متعلقہ اتھارٹیز کو ملاقات کیلئے درخواستیں دی جاچکی ہیں، گھریلو خواتین کو سخت قید میں رکھنا غیر قانونی ہے۔درخواست گزار نے کہا کہ ٹرائل کورٹ نے بھی تینوں معمر بہنوں کی درخواست مسترد کردی، عدالت ڈاکٹر عظمٰی اور بہنوں تک وکیل اور انکی فیملی کی رسائی کا حکم دے۔

11

رابطہ پر پہلی شرط عمران خان سے ملاقات کی ہونی چاہیے، ان کی بہنوں کی رہائی سے حکومت مثبت پیشرفت کا آغاز کرسکتی ہے۔ذرائع کے مطابق محمود خان اچکزئی نے کہا کہ اگر بانی سے ملاقات نہیں ہوتی تو وزیراعظم سے ملاقات بے معنی ہوگی، بانی سے ملاقات نہ ہوئی تو وزیراعظم سے ملاقات سے انکار کا سوچا جاسکتا ہے۔

12

کے مشیر ہارون اختر خان نے کہا کہ پاکستان ازبکستان کے ساتھ اپنے اقتصادی تعلقات کو نئی بلندیوں تک لے جانے اور تجارت، سرمایہ کاری، برآمدات اور سیاحت کے شعبوں میں تعاون کو مزید مضبوط بنانے کا خواہاں ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان اور ازبکستان کے درمیان برادرانہ اور دوستانہ تعلقات قائم ہیں جو باہمی مفاد پر مبنی اقتصادی اور تجارتی روابط کو وسعت دینے کے لئے مضبوط بنیاد فراہم کرتے ہیں۔مشیر وزیراعظم نے کہا کہ وزیراعظم محمد شہباز شریف کے وژن کے مطابق پاکستان برادر اور دوست ممالک کے ساتھ اقتصادی اور تجارتی تعلقات کے فروغ پر خصوصی توجہ دے رہا ہے اور کاروباری و سرمایہ کاری تعاون کے لئے نئے مواقع پیدا کئے جارہے ہیں۔ملاقات میں ازبکستان کے صدر کے متوقع دورہ پاکستان کے حوالے سے بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔اس ضمن میں دورے کی تیاریوں اور دونوں ممالک کے درمیان باہمی تعاون کو مزید آگے بڑھانے کے مواقع کا جائزہ لیا گیا۔ازبک فریق کی جانب سے پاکستانی وفد کو ازبکستان کے دورے اور مختلف صوبوں کے گورنرز سے ملاقاتوں کی دعوت بھی دی گئی تاکہ تجارت، سرمایہ کاری اور کاروباری سطح پر تعاون کے فروغ کے نئے مواقع تلاش کئے جاسکیں۔ہارون اختر خان نے پاکستان اور ازبکستان کے درمیان براہ راست فضائی رابطوں کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ بہتر فضائی روابط دونوں ممالک کے عوام کے درمیان رابطوں، تجارت اور سیاحت کے فروغ میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ بہتر باہمی رابطوں بالخصوص ممکنہ کارگو فضائی رابطوں کے ذریعے دونوں ممالک کے درمیان تجارت اور برآمدات کو نئی تحریک دی جاسکتی ہے اور اشیا کی نقل وحرکت کو مزید آسان بنایا جاسکتا ہے۔ملاقات میں ازبکستان کے مختلف صوبوں کے گورنرز سے ملاقاتوں کے لئے پاکستانی کاروباری وفد کی تشکیل اور اقتصادی تعاون کے نئے مواقع تلاش کرنے کے حوالے سے بھی مشاورت کی گئی۔وزیراعظم کے مشیر ہارون اختر خان نے کہا کہ پاکستان ازبکستان کے ساتھ دوطرفہ اقتصادی روابط کو مزید وسعت دینے کے لئے پرعزم ہے اور دونوں ممالک کی دیرینہ برادرانہ تعلقات کو مضبوط تجارتی، سرمایہ کاری اور کاروباری شراکت داری میں تبدیل کرنے کے لئے تمام ممکنہ اقدامات کئے جائیں گے۔ملاقات میں ایڈیشنل سیکرٹری حمیرا ضیا مفتی، جوائنٹ سیکرٹری فریدون اکرم شیخ اور ڈپٹی سیکرٹری شاہد اعجاز تارڑ بھی موجود تھے۔

13

دے گا۔ ایرانی میڈیا کے مطابق اپنے ایک بیان میں محسن رضائی نے کہا کہ ماضی میں دشمن کو اپنی غلطیوں پر بھاری شکست سے دوچار ہونا پڑا تھا۔ ایران اب بھی پیچیدہ صورتحال سے نمٹ لے گا۔دوسری جانب ایرانی افواج کے چیف آف اسٹاف اور کمانڈر خاتم الانبیا سینٹرل ہیڈکوارٹرز میجر جنرل علی عبداللہی نے خبردار کیا کہ مڈٹرم الیکشنز سے پہلے یا بعد اور نتائج سے قطع نظر ڈونلڈ ٹرمپ نے خود ایران کیخلاف جنگ چھیڑی یا اسرائیل کی ایما پر ایسا کیا تو ایرانی فوج امریکی مفادات پر پوری طاقت سے حملہ کرے گی۔انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ نئی جنگ چھیڑی گئی تو پورا خطہ آگ کی لپیٹ میں آجائے گا اور یہ ہر شخص کو اپنی لپیٹ میں لے گی۔ایرانی افواج کے چیف آف اسٹاف نے عالمی تنظیموں بالخصوص بین الاقوامی ایٹمی توانائی ایجنسی کو بھیڑ کی کھال میں بھیڑیا قرار دیتے ہوئے کہا کہ ایران کی نیوکلیئر تنصیبات کے بارے میں بے بنیاد الزامات کا سلسلہ بند کیا جائے۔ایران ہر نوعیت کے خطرے سے نمٹنے کیلئے تیار ہے۔

14

کا کہنا تھا کہ باا ثر سرداروں اور نوابوں کے مبینہ اثر و رسوخ کے باعث نوجوانوں کے ساتھ ناانصافی کی جا رہی ہے، ایسے معاملات میں قانون کے مطابق کارروائی اور انصاف کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔

15

شہید کرنے کے انسانیت سوز ، المناک سانحہ کے خلاف شہدا سندھ کے حق میں کوئٹہ میں 7اکتوبر 1983 کو احتجاجی مظاہرہ پر فائرنگ جس میں پارٹی کے چار کارکنان شہید ، درجنوں زخمی ہوئے اور پارٹی رہنماؤں ڈاکٹر کلیم اللہ، عبدالقہار ودان سمیت دیگر کارکن ڈھائی سال زیر حراست اور پارٹی کے محبوب چیئرمین محمود خان اچکزئی ساڑھے چھ سال روپوش رہے۔ اس طرح 11 اکتوبر 1991 کوئٹہ شہر میں پارٹی کے پانچ رہنماؤں وکارکنوں کو شہید کیا گیا ۔ شہدا جمہوریت کا کا محمود شہید، اولس یار شہید، داؤد شہید، رمضان شہید اور شہدا وطن عبدالرحیم کلیوال شہید، صابر شاہ شہید، باز محمد باز شہید، حبیب الرحمن شہید، صاحب خان شہید کی برسیوں کے موقع پر انہیں خراج عقیدت پیش کرنے کے لیے ضلع شیرانی اور ضلع ژوب کا مشترکہ جلسہ عام 7اکتوبر 2026 بروز بدھ صبح 10 بجے باز محمد شہید پارک ژوب شہر میں منعقد ہوگا۔ جلسہ عام سے پشتونخوامیپ کے چیئرمین وتحریک تحفظ آئین پاکستان کے سربراہ اور قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر اور ملک کے جمہوری صف کے عظیم رہنما محمود خان اچکزئی و دیگر مرکزی وصوبائی وضلعی قائدین خطاب فرمائینگے ۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ پاکستان ماضی کی سخت ترین خطاؤ ، خامکاریوں و آمرانہ مسلط رویوں کے نتیجے میں ہمہ جہت بحرانوں میں گر چکا ہے اور 2024 کے بھونڈے طریقے سے مسلط نااہل، ناکام ، اقربا پرور حکومت کے وزراء برملا کہتے پھررہے ہیں کہ ملک اور اس کے ادارے مفلوج ہوئے اور ملک بربادی کے دہانے پر پہنچ چکا ہے۔ عدلیہ کو پائمال کیا گیا ہے، ملکی ادارے مفلوج ہو چکے ہیں، میڈیا کی آزادی ختم کی گئی ہے اور آئین و پائمال کرتے ہوئے بنیادی انسانی حقوق اور ملکی فیڈریشن اور فیڈریشن کے جہانی توانین جو کہ دراصل اختیارات کی برابری تھی کا خاتمہ کیا گیا ہے۔ جس کے نتیجے میں تمام ملک میں انتشار، وحشت ، دہشت ، لوٹ کھسوٹ ، ڈاکے اور خصوصا لوگوں کو سرکاری سرپرستی میں اٹھائے جانا روز کا معمول بن چکا ہے۔ مہنگائی اور بیروزگاری اپنے عروج پر ہے اور سب سے بڑھ کر ملک میں سیاسی عدم استحکام کا دور دورہ ہے۔ اور اسی طرح بین الاقوامی دنیا میں تنہائی کا شکار ہو چکے ہیں۔ اور دنیا کے تمام ادارے جو کرپشن ، عدالتی نظام ، گڈ گورننس کی بین الاقوامی جانچ پڑتال (سروے) کے لیے قائم ہیں ان تمام کے رینکنگ میں ملک کی حیثیت مسلسل پیچھے جارہی ہے اور اب تو ملک کی حیثیت سے انتہائی خراب صورتحال کا سامنا ہے۔ ملک کی تمام تاریخ میں جتنا قرض لیا تھا اس کے تقریبا برابر قرضہ مسلط حکومت نے ڈھائی سال میں لیا ہے اور ابتری ، تنزولی کی صورتحال ملک کے تمام اداروں میں جاری ہیں۔ پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کا جلسہ عام اور اس طرح تحریک انصاف کی لانگ مارچ ملک کو بحرانوں سے نکالنے ، دہشتگردی، وحشت، لوٹ مار، سخت ترین بے روزگاری، مہنگائی کے خاتمے، ملک میں آئین کی بحالی، جمہور کی حکمرانی ، پارلیمنٹ کی خودمختاری ، ملک کو قوموں کا حقیقی جمہوری فیڈریشن بنانے ، ملک کے تمام اداروں کو آئینی ادارتی اختیار کا پابند بنانے اور سرکاری طور پر مسلط پراکسیز کی خاتمے میں سنگ میل ثابت ہوگی۔ بیان کے آخر میں ضلع ژوب، ضلع شیرانی کے تمام وطن دوست، جمہوریت پسند عوام سے جلسہ عام میں شرکت کی اپیل کی گئی ہے۔

16

پر سماعت ہوئی، جس پر عدالت نے پراسیکیوشن سے مقدمات کا ریکارڈ طلب کرلیا۔اے ٹی سی کے جج منظر علی گل نے ضمانت کی درخواستوں پر سماعت کی، عدالت نے ریکارڈ طلب کرتے ہوئے آئندہ سماعت پر وکلا کو بھی دلائل کیلئے طلب کرلیا۔عدالت نے علیمہ خانم، عظمٰی خانم اور دیگر ملزمان کی عبوری ضمانت کی درخواستوں پر سماعت 6 نومبر تک ملتوی کردی۔ دوران سماعت سابق وفاقی وزیر اسد عمر اور فواد چوہدری، مسرت چیمہ سمیت دیگر ملزمان عدالت میں پیش ہوئے۔9 مئی جناح ہاؤس، عسکری ٹاور حملہ اور تھانہ شادمان نذر آتش سمیت دیگر مقدمات میں پی ٹی آئی رہنما اعظم خان سواتی کی عبوری ضمانت پر بھی سماعت ہوئی، عدالت نے اعظم خان سواتی کی عبوری ضمانت میں 6 نومبر تک توسیع کردی۔اعظم خان سواتی حاضری کیلئے عدالت میں پیش نہ ہوئے اور ان کے وکلا نے ایک روزہ حاضری معافی کی درخواست دی۔انسداد دہشت گردی عدالت کے جج منظر علی گل نے سماعت کی اور آئندہ سماعت پر عبوری ضمانتوں پر دلائل طلب کرلئے۔

17

مطابق پاکستانی مندوب عاصم افتخار احمد نے جنرل اسمبلی کے 81ویں اجلاس کے دوران اقوام متحدہ کے کام میں پاکستان کی مکمل حمایت اور مسلسل تعمیری تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ملاقات کے دوران جنرل اسمبلی کے زیر اہتمام جاری اور آئندہ مختلف کثیر الجہتی سفارتی عمل سے متعلق امور پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ عاصم افتخار احمد جلد پاکستان واپس روانہ ہوں گے، جہاں وہ سیکرٹری خارجہ کی ذمہ داریاں سنبھالیں گے۔

18

ایل این جی کی قیمت میں 1000 روپے فی ایم ایم بی ٹی یو کی بنیاد پر کمی ہوگئی، رواں ماہ ایل این جی پر صارفین کے لئے بلنگ ریٹ 4200 روپے مقرر کی گئی ہے جبکہ گزشتہ ماہ ایل این جی کی قیمت 5200 روپے مقرر کی گئی تھی۔ایران اور امریکہ کی کشیدگی کی وجہ سے ایل این جی کی درآمد متاثر ہوئی تھی اور ایل این جی کی درآمد متاثر ہونے سے قیمتوں میں ریکارڈ اضافہ ہوگیا تھا، قیمتوں میں اضافے کی وجہ سے ایل این جی کنکشنز پر بھاری بلز بھجوائے گئے تاہم رواں ماہ قیمت کم ہونے سے صارفین کے بلوں میں کمی ہوجائیگی۔

19

دوسری جانب بانی پی ٹی آئی سے فوری ملاقات کیلئے سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل کو درخواست دے دی گئی، درخواست کے مطابق بانی پی ٹی آئی کی صحت سے متعلق معلومات حکومتی مذاکراتی کمیٹی کے ارکان سے ملیں، بانی پی ٹی آئی کی صحت سے متعلق معلومات سنگین ہیں نظرانداز نہیں کیا جاسکتا۔ درخواست کے مطابق بانی پی ٹی آئی کا بلڈ پریشر انتہائی حد تک بڑھنے کی اطلاعات ملیں، رانا ثنا اللہ، نوید قمر، اعجاز جاکھرانی سمیت حکومتی کمیٹی ارکان نے معلومات کی تصدیق کی، بانی کی صحت، سلامتی اور خیریت جاننے کیلئے فوری ملاقات ضروری ہے۔

20

سرٹیفکیٹ کے 71,818 انٹرنیٹ راؤٹرز کلیئر کرائے، جبکہ درآمدی مالیت میں 468 ملین روپے کے مبینہ فرق کا بھی انکشاف ہوا ہے۔رپورٹ کے مطابق مذکورہ کمپنیوں نے 2 ارب 9 کروڑ روپے کی مقامی فروخت تو ظاہر کی، تاہم اس کے مقابلے میں سیلز ٹیکس کی ادائیگی انتہائی کم رہی۔اس کے علاوہ تفتیش میں متعدد مشترکہ آئی پی ایڈریسز اور خفیہ آپریٹرز کے ملوث ہونے کے شواہد بھی سامنے آئے ہیں۔کسٹمز حکام نے اس مبینہ منی لانڈرنگ اور فائدہ مند ملکیت کی مکمل تحقیقات کے لیے کسٹمز، ایف بی آر اور ایف آئی اے پر مشتمل ایک مشترکہ تحقیقاتی ٹیم تشکیل دینے اور اس پورے کیس کو اینٹی منی لانڈرنگ ایکٹ کے تحت باضابطہ طور پر ریفر کرنے کی سفارش کردی ہے۔

21

نے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر کو ہسپتال میں موجود مختلف اقسام کی ادویات ان کے اسٹاک کی موجودہ صورتحال مریضوں کو ادویات کی فراہمی اور علاج معالجے کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی انہوں نے بتایا کہ ہسپتال میں آنے والے مریضوں کو دستیاب وسائل کے مطابق طبی سہولیات اور ضروری ادویات کی فراہمی یقینی بنائی جارہی ہے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر عبدالغفور جمالی نے ہسپتال کے مختلف شعبہ جات کا بھی جائزہ لیا اور متعلقہ افسران وطبی عملے سے مریضوں کو فراہم کی جانے والی سہولیات کے بارے میں معلومات حاصل کیں انہوں نے ہدایت کی کہ ہسپتال میں ادویات کے اسٹاک کا باقاعدگی کے ساتھ جائزہ لیا جائے تاکہ کسی بھی ضروری دوا کی قلت پیدا نہ ہو اور مریضوں کو بروقت ادویات کی فراہمی میں کسی قسم کی دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے انہوں نے محکمہ صحت کے افسران اور طبی عملے پر زور دیا کہ دور دراز علاقوں سے علاج کی غرض سے آنے والے مریضوں کی خدمت کو مقدس فریضہ سمجھتے ہوئے ان کے ساتھ حسن سلوک ہمدردی اور ذمہ داری کا مظاہرہ کیا جائے مریضوں کو بہتر سے بہتر طبی امداد ضروری ادویات اور علاج معالجے کی سہولیات کی فراہمی میں کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر نے مزید کہا کہ ضلعی انتظامیہ عوام کو صحت کی بنیادی سہولیات کی فراہمی اور سرکاری ہسپتالوں میں طبی خدمات کے معیار کو بہتر بنانے کے لیے تمام ممکنہ اقدامات اٹھا رہی ہے جبکہ ہسپتالوں کی کارکردگی اور عوام کو فراہم کی جانے والی سہولیات کی نگرانی کا سلسلہ بھی جاری رکھا جائے گا۔

22

پرندے بلوچستان کے ساحلی علاقوں، آبی ذخائر، جھیلوں اور قدرتی مساکن کا رخ کرتے ہیں، اس لیے ان کے تحفظ کے لیے نگرانی اور کارروائی مزید مؤثر بنائی جارہی ہے ڈپٹی کنزرویٹر جنگلات نے واضح کیا کہ بلوچستان وائلڈ لائف (پروٹیکشن، پریزرویشن، کنزرویشن اینڈ مینجمنٹ) ایکٹ 2014ء اور اس کے تحت نافذ قواعد وضوابط کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف بلاامتیاز سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی، جبکہ محفوظ انواع کے شکار یا انہیں نقصان پہنچانے کی ہرگز اجازت نہیں ہوگی انہوں نے عوام الناس اور تمام متعلقہ اداروں سے اپیل کی کہ جنگلی حیات کے تحفظ میں محکمہ جنگلات وجنگلی حیات سے تعاون کریں اور غیر قانونی شکار یا جنگلی حیات کی غیر قانونی تجارت کی اطلاع فوری طور پر متعلقہ حکام کو دیں کیونکہ جنگلی حیات ہمارا قیمتی قدرتی ورثہ ہے اور اس کا تحفظ ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔

23

ہے، جہاں پر لاش کو شناخت کے لیے رکھا گیا ھے۔پولیس ذرائع کا کہنا ھے کہ متوفی کی تاحال شناخت نہیں ہوسکی، جبکہ واقعے سے متعلق مزید معلومات اور تحقیقات جاری ہیں۔

24

نے شرکت کی اجلاس میں ضلع گوادر کی مختلف تحصیلوں، یونین کونسلز اور دیگر زرعی علاقوں میں درپیش مسائل، زرعی سرگرمیوں اور فیلڈ سے متعلق اعداد وشمار کی بروقت فراہمی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ شرکاء نے زرعی شعبے کی بہتری، کسانوں کو درپیش مشکلات کے ازالے اور متعلقہ حکام تک مسائل کی مؤثر نشاندہی کے لیے مختلف تجاویز پر بھی تبادلہ خیال کیا اس موقع پر ڈپٹی ڈائریکٹر توسیع مقبول احمد نے نئے تعینات ہونے والے اسسٹنٹ ڈائریکٹر شماریات کی تعیناتی کا خیر مقدم کرتے ہوئے نیک خواہشات کا اظہار کیا اور امید ظاہر کی کہ وہ اپنی ذمہ داریاں احسن انداز میں انجام دیتے ہوئے ضلع بھر کے زرعی علاقوں سے درست، جامع اور بروقت اعداد وشمار مرتب کریں گے، تاکہ زرعی مسائل کی مؤثر نشاندہی اور ان کے حل کے لیے متعلقہ حکام کو سفارشات پیش کی جاسکیں انہوں نے کہا کہ Statistics شعبہ زراعت کی منصوبہ بندی، پالیسی سازی اور ترقی کے لیے بنیادی اہمیت کا حامل ہے، اس لیے فیلڈ سے درست معلومات کے حصول اور بروقت رپورٹنگ کے نظام کو مزید مؤثر بنایا جائے گا اجلاس میں رواں ماہ ریٹائر ہونے والے محمد عمر جمالی کی محکمہ زراعت کے لیے طویل عرصے تک انجام دی جانے والی خدمات کو بھی سراہا گیا۔ ڈپٹی ڈائریکٹر توسیع اور فیلڈ اسٹاف نے ان کی پیشہ ورانہ خدمات اور محکمہ کے لیے تعاون کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے ان کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا اور امید ظاہر کی کہ ریٹائرمنٹ کے بعد بھی ان کے محکمہ زراعت کے افسران واہلکاروں کے ساتھ خوشگوار تعلقات اور تعاون کا سلسلہ برقرار رہے گا۔

25

اور پینے کے پانی سمیت عوامی مسائل پر تفصیلی غور کیا گیا، ضلعی انتظامیہ نے عوامی مسائل کے فوری حل کیلئے باہمی تعاون اور اقدامات کی یقین دہانی کرائی۔ مقامی آبادی نے سیکیورٹی فورسز اور ضلعی انتظامیہ کی مشترکہ کاوشوں کو مثبت اور خوش آئند قرار دیا۔

26

جائزہ لیا گیا، آئی ایم ایف نے پاکستان کے زرمبادلہ کے ذخائر کو مستحکم قرار دیتے ہوئے اطمینان کا اظہار کیا ہے۔ ذرائع کے مطابق جولائی سے ستمبر کے دوران فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کی جانب سے مقررہ اہداف حاصل کیے جانے کو بھی خوش آئند قرار دیا گیا۔ وزارت خزانہ کے ذرائع نے بتایا کہ ٹیکس آمدن کا ہدف حاصل ہونے کے باعث رواں مالی سال کی پہلی سہ ماہی میں اہم معاشی کامیابیاں حاصل ہوئیں، مذاکرات کے دوران رواں سال کے اختتام پر کسانوں کیلئے فلکسڈ ٹیکس سکیم متعارف کرانے کی تجویز پر بھی بات چیت کی گئی۔ذرائع کے مطابق سٹیٹ بینک آف پاکستان نے زرمبادلہ کے ذخائر کو مستحکم رکھنے اور افراط زر پر قابو پانے کیلئے کیے گئے اقدامات سے آئی ایم ایف وفد کو آگاہ کیا، وفد کو بریفنگ میں بتایا گیا کہ سٹیٹ بینک کے زرمبادلہ کے ذخائر 21.4 ارب ڈالر جبکہ کمرشل بینکوں کے ذخائر 5.4 ارب ڈالر ہیں۔ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف وفد پاکستانی معاشی ٹیم کے ساتھ میمورنڈم آف اکنامک اینڈ فنانشل پالیسیز کا مسودہ شیئر کرے گا۔ذرائع کے مطابق MEFP پر اتفاق رائے ہونے کے بعد تقریبا 1.2 ارب ڈالر کی قسط کے لیے سٹاف لیول معاہدہ ہونے کی راہ ہموار ہوجائے گی۔

27

کا کہنا ہے کہ احتجاج کیلئے سرکاری وسائل کا بے دریغ استعمال کیا جا رہا ہے، پہلی بار دیکھا کہ وزیر اعلی تحریک چلا رہا ہے۔ن لیگی رہنما نے کہا کہ دہشت گردی کے تانے بانے دہلی اور کابل تک ملتے ہیں، خیبر پختون خوا حکومت کسی سے ڈکٹیشن لینے کے بجائے عوام کا سوچے۔ان کا کہنا ہے کہ وزیر اعلی کو احساس نہیں کہ صوبے کے عوام کا کیا بنے گا، آپ کو عوام نے مینڈیٹ دیا ہے تو آپ ان کے مسائل پر توجہ دیں، مسائل کا حل بیٹھ کر بات چیت سے نکالا جاتا ہے۔

28

قائم مقام وزیر کے ذریعے چلایا جارہا ہے۔ایران کے سابق وزیر دفاع عزیز ناصرزادہ جنگ کے آغاز میں ہونے والے امریکی اور اسرائیلی حملوں میں ہلاک ہوگئے تھے، جس کے بعد مارچ کے اوائل سے وزارت دفاع کا انتظام قائم مقام وزیر کے سپرد ہے۔مہرداد اخلاقی کتابچی ایران کے میزائل پروگرام سے طویل عرصے سے وابستہ رہے ہیں۔وہ شہید باقری انڈسٹریل گروپ کے سربراہ بھی رہ چکے ہیں، جسے ایران کے بیلسٹک میزائل پروگرام سے مبینہ تعلق کے باعث یورپی یونین نے پابندیوں کی فہرست میں شامل کر رکھا ہے۔دستیاب ریکارڈ کے مطابق مہرداد اخلاقی کتابچی کو ان کے دفاعی عہدوں اور ایران کے میزائل پروگرام سے متعلق کردار کے باعث امریکی پابندیوں کا بھی سامنا ہے۔ان کی نامزدگی ایسے وقت میں ہوئی ہے جب ایران کے میزائل اور دفاعی پروگرام عالمی سطح پر شدید دباؤ اور پابندیوں کا شکار ہیں۔اب ایرانی صدر کی جانب سے کی گئی اس نامزدگی کو حتمی شکل دینے کے لیے پارلیمنٹ میں اعتماد کا ووٹ ضروری ہوگا۔ ایرانی ارکان پارلیمنٹ کی منظوری کے بعد مہرداد اخلاقی کتابچی باضابطہ طور پر وزیر دفاع کا منصب سنبھال سکیں گے۔نئے وزیر دفاع کے انتخاب کو ایران کی موجودہ سیکیورٹی حالات میں اہم پیش رفت قرار دیا جارہا ہے، خصوصا ایسے وقت میں جب تہران کو اپنے میزائل اور دفاعی نظام کے حوالے سے امریکا اور اسرائیل کے ساتھ شدید کشیدگی کا سامنا ہے۔

29

دیا جاسکتا تھا۔اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ وزرا کی جانب سے پی ٹی آئی پر سہولت کاری کے الزامات بے بنیاد ہیں، کسی لیڈر کے خلاف کوئی ایک ثبوت ہوتو سامنے لائیں، ملکی معیشت لانگ مارچ سے تباہ نہیں ہوئی، وزیر اعظم صاحب) پ کو چار سال ملے اپ کی معاشی پالیسیاں ناکام ہیں، حکومت نے معیشت پر توجہ دینے کے بجائے پی ٹی آئی کو ختم کرنے پر توانائی ضائع کی۔انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے خاتمے کے لئے 2025 اے پی سی اعلامیہ پر عمل درآمد کرایا جائے، دہشت گردی کے خاتمے کیلئے کے پی حکومت نے کبھی تعاون سے انکار نہیں کیا، ایمرجنسی یا گورنر راج صوبے کے پانچ کروڑ عوام کے مینڈیٹ کی توہین ہے۔شوکت یوسف زئی نے کہا کہ توقع ہے کہ گورنر ہاؤس سازشوں کا گڑھ نہیں بنے گا، بیرسٹر گوہر اور سلمان اکرم راجہ آج بھی مذاکرات کی بات کر رہے ہیں، حکومت کو چاہیے بغیر کسی تعطل کے اپوزیشن سے مذاکرات شروع کرے، گورنر راج کا مشورہ دینے والے وزرا حکومت کو مزید بند گلی میں لے جانا چاہتے ہیں، ہمارے مطالبات جائز ہیں ہائی کورٹ اور سپریم کورٹ کے احکامات پر عمل درامد چاہتے ہیں، عمران خان سے ملاقات، اسپتال منتقلی اور ان کے کیسز کی جلد سماعت اور بہنوں کی رہائی ہی اس کا واحد حل ہے۔

30

روبیو واشنگٹن ڈی سی سے آئس لینڈ جارہے تھے۔ تاہم، اسٹیٹ ڈپارٹمنٹ نے ابھی تک کوئی باضابطہ بیان جاری نہیں کیا ہے جس میں تفصیلات یا بات چیت کے دوران زیر بحث آنے والے عین موضوعات کی تفصیل دی گئی ہو۔یہ اعلی سطحی فون کال ان میڈیا رپورٹس کے چند گھنٹے بعد سامنے آئی ہے جس میں کہا گیا تھا کہ امریکی انتظامیہ نے عراقی فضائی حدود میں اسرائیلی فوجی کارروائیوں پر پہلے سے عائد پابندیاں ختم کر دی ہیں۔یہ اہم اقدام ایک تزویراتی پیشرفت کی نمائندگی کرتا ہے جو ممکنہ طور پر عراق کے اندر ایرانی حمایت یافتہ مسلح ملیشیاؤں کو نشانہ بنانے کے ممکنہ اسرائیلی فضائی حملوں کے لئے راہ ہموار کرسکتا ہے۔تاہم کسی اہلکار نے فون کال اور فضائی حدود کی پابندیوں سے متعلق رپورٹس کے درمیان براہ راست تعلق کی تصدیق نہیں کی۔

31

نیشنل سیونگز مراکز کی تعداد 374 سے کم کرکے 263 کرنے کی تجویز دی گئی ہے، اس مقصد کے تحت مراکز کی کارکردگی اور مالی صورتحال کا جائزہ لیا گیا ہے۔نوٹیفکیشن میں ہر 10 لاکھ روپے کے ڈپازٹس پر 2,500 روپے آپریشنل اخراجات کا معیار مقرر کیا گیا ہے۔غیر موثر قرار دیئے گئے 111 مراکز کو اخراجات کم کرنے یا کاروبار اور ڈپازٹس میں اضافہ کرکے اپنی مالی کارکردگی بہتر بنانے کیلئے عملی منصوبے تیار کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔حکام کا کہنا ہے کہ ایک آپشن یہ بھی ہے کہ کم کاروباری صلاحیت رکھنے والے مراکز کو ایسے علاقوں میں منتقل کیا جائے جہاں کاروباری اور سرمایہ کاری کے زیادہ امکانات موجود ہوں۔اگر کسی مرکز کو بند یا قریبی مرکز میں ضم کیا جاتا ہے تو وہاں اکاؤنٹس، سرٹیفکیٹس یا دیگر نیشنل سیونگز خدمات استعمال کرنے والے صارفین کو مستقبل میں متبادل مرکز سے رجوع کرنا پڑ سکتا ہے۔اس سے بعض صارفین، خصوصا دور دراز علاقوں میں رہنے والے افراد کے لیے مرکز تک رسائی کا فاصلہ بڑھ سکتا ہے اور معمول کی لین دین یا دیگر خدمات کے لیے اضافی سفر کرنا پڑ سکتا ہے۔تاہم دستیاب نوٹیفکیشن کے مطابق مراکز کی بندش یا منتقلی کا مقصد نیٹ ورک کو زیادہ مؤثر بنانا ہے، جبکہ متعلقہ مراکز کو پہلے اپنی کارکردگی بہتر بنانے کے منصوبے پیش کرنے کا موقع دیا گیا ہے۔اس لیے تمام 111 مراکز کو فوری بندش کو حتمی اقدام قرار نہیں دیا جاسکتا۔نوٹیفکیشن میں کہا گیا کہ اگر کسی مرکز کی منتقلی کا فیصلہ کیا جاتا ہے تو علاقائی ڈائریکٹوریٹس 15 روز کے اندر کاروباری اور منتقلی کے منصوبے پیش کریں گے۔کسی مرکز کی بندش کی صورت میں وہاں تعینات ملازمین کی تفصیلات، ان کے رہائشی علاقوں اور متبادل تعیناتی کے لیے ترجیحی مقامات کی معلومات بھی فراہم کرنا ہوں گی۔ مرکزی ڈائریکٹوریٹ نیشنل سیونگز وزارت خزانہ کے فنانس ڈویژن کے ماتحت ایک سرکاری ادارہ ہے، جو عوام سے بچتیں حاصل کرکے حکومت کی مالی ضروریات پوری کرنے میں کردار ادا کرتا ہے۔

32

امکانات پر تفصیلی پریزنٹیشن دی۔اس موقع پر بی آر اے اور جی ڈی اے کے درمیان باہمی رابطہ کاری اور ادارہ جاتی تعاون کے مختلف پہلوؤں پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔شرکاء نے تجارت میں سہولت، ادارہ جاتی رابطہ کاری کو مضبوط بنانے اور گوادر کی وسیع تر اقتصادی صلاحیت کو بروئے کار لانے پر زور دیا۔عہدیداروں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ دونوں ادارے مل کر تجارت دوست ماحول کی فراہمی، سرمایہ کاری کے فروغ اور گوادر کو اقتصادی گیٹ وے کے طور پر مزید مستحکم بنانے کے لیے مؤثر تعاون جاری رکھیں گے۔

33

پر زور دیتے ہوئے کہا کہ 7اکتوبر کے حملوں کی ہولناکیاں دوبارہ کبھی نہیں دہرائی جانی چاہئیں۔انہوں نے مزید کہا کہ حملوں کے بعد تباہ کن جنگ نے غزہ کے فلسطینیوں کو نا قابل بیان تکالیف سے دوچار کیا جبکہ فلسطینی اب بھی ناقابل برداشت حالات میں زندگی گزارنے پر مجبور ہیں۔ان کے مطابق گزشتہ سال ہونے والی جنگ بندی سے کچھ حد تک ریلیف ملا تھا تاہم غزہ میں سلامتی، مناسب انسانی امداد اور امن کی جانب راستہ بنانے میں کامیابی نہیں ہوئی۔اقوام متحدہ سیکرٹری جنرل نے کہا کہ اب وقت آگیا ہے کہ جنگ بندی مستقل کی جائے، بڑے پیمانے پر انسانی امداد کی اجازت دی جائے اور بین الاقوامی قانون کا احترام کیا جائے۔انہوں نے پورے خطے میں پائیدار امن کے لیے سیاسی راستہ تشکیل دینے کی بھی ضرورت پر زور دیا۔

34

خلاف کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ کارروائی پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔انہوں نے کارروائی میں 5 خوارج کو جہنم واصل اور 2 کو زخمی کرنے پر سیکیورٹی فورسز کی بہادری اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو سراہا۔صدر زرداری نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز کی بروقت اور مؤثر کارروائیاں دہشت گرد عناصر کے مذموم عزائم ناکام بنانے میں اہم کردار ادا کر رہی ہے۔صدر مملکت آصف علی زرداری کا کہنا تھا کہ فتنۃ الخوارج کے خلاف کارروائیاں دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک جاری رہیں گی۔وزیراعظم محمد شہباز شریف نے بھی سیکیورٹی فورسز کی کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ کارروائی پر خراج تحسین پیش کرتے ہوئے سیکیورٹی فورسز کی ستائش کی ہے۔انہوں نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز نے فتنۃ الخوارج کے خلاف بروقت اور فیصلہ کن کارروائی کرکے دہشت گردوں کے مذموم عزائم ناکام بنائے، دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک فتنۃ الخوارج کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی۔وزیراعظم نے کہا کہ عزم استحکام وژن کے تحت دہشت گردی کے خاتمہ اور پائیدار امن حکومت کی اولین ترجیح ہے۔

35

ی یقینی بنائیں اور لکڑی یا کسی بھی قسم کی جنگلاتی پیداوار کی غیر مجاز نقل وحمل، ترسیل یا منتقلی سے مکمل اجتناب کریں۔ڈپٹی کنزرویٹر جنگلات نے واضح کیا کہ پابندی کے دوران صرف محض کسی پاس، پرمٹ یا اجازت نامے کی پیشکش کی بنیاد پر ضبط شدہ گاڑی یا لکڑی کی رہائی کا استحقاق حاصل نہیں ہوگا۔کسی غیر معمولی صورتحال، عوامی مفاد یا سرکاری ضرورت کے تحت استثنی صرف محکمہ داخلہ حکومت بلوچستان کی تحریری منظوری کے بعد قابل عمل ہوگا انہوں نے کہا کہ حکومتی حکم نامے اور متعلقہ قوانین کی خلاف ورزی کی صورت میں ذمہ دار افراد کے خلاف بلوچستان فاریسٹ ایکٹ 2022، بلوچستان فاریسٹ رولز 2024، دفعہ 144 ضابطہ فوجداری 1898، دفعہ 188 تعزیرات پاکستان اور دیگر متعلقہ قوانین کے تحت بلاامتیاز قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔خلاف ورزی میں استعمال ہونے والی لکڑی، دیگر جنگلاتی پیداوار اور نقل وحمل کے ذرائع کے خلاف بھی قانون کے مطابق کارروائی کی جائے گی ڈپٹی کنزرویٹر جنگلات نے تمام متعلقہ افراد کو ہدایت کی کہ وہ حکومتی احکامات اور جنگلاتی قوانین پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنائیں، بصورت دیگر خلاف ورزی کے ذمہ دار افراد اپنے عمل کے خود ذمہ دار ہوں گے۔

36

کے لیے ہسپتال منتقل کردیا۔پولیس حکام کا کہنا ہے کہ متوفی کی شناخت اور موت کی اصل وجوہات جاننے کے لیے تحقیقات شروع کردی گئی ہیں، جبکہ پوسٹ مارٹم رپورٹ اور ورثا کی تلاش کے بعد ہی مزید حقائق سامنے آسکیں گے۔

37

کے بورڈ آف ڈائریکٹرز سید واجہ الدین اور دیگر مقررین نے شرکت کی۔تقریب سے سیکرٹری لیبر اینڈ مین پاور صالح محمد ناصر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعلی بلوچستان میر سرفراز بگٹی۔اور چیف سیکرٹری شکیل قادر خان کے وژن کے تحت بلوچستان کے نوجوانوں کو بااختیار بنانے اور انھیں روزگار کے بہترین مواقع فراہم کرنے کے لیے چیف منسٹر ایمپلائمنٹ پروگرام کا آغاز کیا گیا۔جس سے بلوچستان کے نوجوان میں ترقی اور خوشحالی آئیگی۔ دیگر مقررین نے کہا کہ یہ پروگرام نوجوان نسل کے لیے روشن مستقبل کی جانب پہلا قدم ہے جو کہ انشاء اللہ مستقبل میں بھی جاری و ساری رہیگا۔

38

کی دادرسی کی ہے۔ تفصیلات کے مطابق، ضلع خضدار کی تحصیل کرخ کے علاقے مزی بھلوٹک کی رہائشی محترمہ آمنہ نے وفاقی محتسب کے ریجنل آفس خضدار میں بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے خلاف ایک شکایت درج کروائی تھی۔ درخواست گزار کا موقف تھا کہ وہ اس پروگرام کی حقدار ہیں لیکن متعلقہ محکمے کی جانب سے انہیں ان کی مالی معاونت اور وظیفے کی ادائیگی نہیں کی جارہی، جس کی وجہ سے انہیں شدید مالی مشکلات کا سامنا ہے۔غریب خاتون کی اس شکایت کا وفاقی محتسب سیکرٹریٹ خضدار نے فوری نوٹس لیا اور متعلقہ ادارے کے افسران سے اس غیر ضروری تاخیر کی وجوہات طلب کیں۔ وفاقی محتسب کی جانب سے کی جانے والی سخت بازپرس، موثر کارروائی اور ہدایات کے نتیجے میں متعلقہ ادارے نے فوری حرکت میں آتے ہوئے درخواست گزار کے اکاؤنٹ میں 14,500 روپے کی رقم بطور مالی معاونت منتقل کردی۔ اپنا کا حق اور وظیفہ بلا کسی رکاوٹ کے موصول ہونے پر محترمہ آمنہ نے انتہائی خوشی اور اطمینان کا اظہار کیا۔ انہوں نے غریب عوام کو دادرسی اور بغیر کسی وکیل یا فیس کے فوری انصاف کی فراہمی پر وفاقی محتسب اور ریجنل آفس خضدار کے عملے کا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا۔ درخواست گزار کے مکمل اطمینان اور رقم کی منتقلی کی تصدیق کے بعد وفاقی محتسب کی جانب سے اس شکایت کو کامیابی کے ساتھ نمٹا دیا گیا ہے۔ یہ اقدام اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ وفاقی محتسب کا ادارہ عوام کو سرکاری محکموں کی زیادتیوں، بدانتظامی اور تاخیر کے خلاف فوری اور مفت انصاف فراہم کرنے کے لیے ہمہ وقت کوشاں ہے۔

39

سائل کو نیا شناختی کارڈ جاری کردیا گیا ہے۔تفصیلات کے مطابق، ڈاکخانہ خالق آباد (علاقہ جوھان، ضلع سوراب) کے رہائشی سائل امام داد ولد غلام مصطفی نے وفاقی محتسب ریجنل دفتر خضدار میں ایک تحریری شکایت درج کروائی تھی۔ درخواست میں مؤقف اختیار کیا گیا تھا کہ نادرا نے ان کے قومی شناختی کارڈ (CNIC) کے اجراء کو بغیر کسی ٹھوس جواز کے التوا کا شکار کر رکھا ہے۔ نادرا حکام نے سائل کی محض "ظاہری وضع قطع" کی بنیاد پر کیس روک کر اسے زونل بورڈ کے سامنے پیشی اور لوکل سرٹیفکیٹ لانے کی کڑی شرط عائد کردی تھی، جس سے سائل کو شدید ذہنی اذیت اور روزمرہ کے معاملات میں سخت مشکلات کا سامنا تھا۔اس عوامی نوعیت کی شکایت پر وفاقی محتسب ریجنل دفتر خضدار نے فوری اور سخت نوٹس لیتے ہوئے نادرا حکام سے جواب طلب کیا۔ متعلقہ آفیسر کی زیرنگرانی اس کیس کی باقاعدہ اور شفاف طریقے سے پانچ (5) سماعتیں (Hearings) کی گئیں۔ وفاقی محتسب کی قانونی کارروائی اور مسلسل پیروی کے بعد نادرا زونل بورڈ نے سائل امام داد کی پیش کردہ دستاویزات کی مکمل جانچ پڑتال اور تصدیق کی، جس کے بعد سائل کے حق میں فیصلہ دیتے ہوئے اسے نیا قومی شناختی کارڈ جاری کردیا گیا۔سائل امام داد کی جانب سے وفاقی محتسب ریجنل دفتر خضدار کو اپنا شناختی کارڈ کامیابی سے موصول ہونے کی باقاعدہ تصدیق کر دی گئی ہے۔ سائل نے اس دیرینہ اور پیچیدہ مسئلے کے حل پر وفاقی محتسب کے فوری اور مفت انصاف کے نظام کو زبردست خراج تحسین پیش کیا۔ سائل کو مکمل ریلیف ملنے اور شکایت کا سو فیصد ازالہ ہونے پر وفاقی محتسب نے اس کیس کو باضابطہ طور پر بند کر دیا ہے۔وفاقی محتسب ریجنل دفتر خضدار کی یہ کامیاب کارروائی اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ وفاقی محتسب کا ادارہ عام شہریوں کو سرکاری محکموں کی بیوروکریٹک رکاوٹوں، سرخ فیتے اور بلاجواز تاخیر سے نجات دلانے کے لیے ہر دم متحرک ہے۔ کوئی بھی شہری جس کی حق تلفی کسی وفاقی محکمے کے ہاتھوں ہورہی ہو، وہ فوری اور مفت انصاف کے حصول کے لیے وفاقی محتسب سے رجوع کرسکتا ہے۔

40

دان انجینئرز ڈاکٹرز بہترین اساتذہ کرام اور بہترین نوجوان دیئے جن کی محنت لگن اور صلاحیتوں کے باعث ملک وقوم ترقی کی جانب تیزی کے ساتھ گامزن ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے اساتذہ کرام کے عالمی دن کے موقع پر اپنے پیغام میں کیا اس موقع پر مسلم لیگ ن کے صوبائی سینئر نائب صدر مسلم لیگ ن سنٹرل ورکنگ کمیٹی کے رکن میر حمید خان اچکزئی۔صوبائی صدر؛ لیبر ونگ منیر احمد مسوری بگٹی بھی موجود تھے پاکستان مسلم لیگ ن کے صوبائی جنرل سیکرٹری و رکن قومی اسمبلی سید جمال شاہ کاکڑ نے ٹیچرڈے کے موقع پر مزید کہا کہ مہذب اور تعلیم یافتہ معاشرے کی تعمیر میں اساتذہ کا کردار بنیادی اہمیت کا حامل ہے صوبے میں تعلیم کی فروغ اور اساتذہ کے حقوق کے تحفظ کیلئے متعدد اقدامات اٹھائیں گئے جو کہ میں اپنے اساتذہ کو جائز مقام دیتی ہیں اور ان کے حقوق کا تحفظ کرتی ہیں، کامیابیاں ان کے قدم چومتی ہیں مہذب معاشرہ میں استاد کو قدر کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے اساتذہ ہی بچوں میں تجسس پیدا کرکے انہیں اعلی ترقی کی راہ پر گامزن کرتے ہیں، استاد کا اپنے طلبہ کے مستقبل کو روشن کرنے کا جذبہ لائق تحسین ہیلو چستان کے تناظر میں اساتذہ کی ذمہ داریاں دگنی ہو جاتی ہیں، ہمارے اساتذہ کرام ہی پڑھے لکھے بلوچستان کے خواب کو حقیقت میں بدلنے میں مدد فراہم کر سکتے ہیں، خواتین اساتذہ ضروری سہولیات کے فقدان کے باوجود دیانتداری سے فرائض انجام دے رہی ہیں، ہم تمام اساتذہ کرام کی پیشہ ورانہ مہارت کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔

41

مطابق سعودی تیل کمپنی آرامکو نے نومبر کیلئے ایشیا کو فراہم کیے جانے والے 'عرب لائٹ' خام تیل کی سرکاری قیمت فروخت عمان اور دبئی کی اوسط قیمتوں سے 5 ڈالر فی بیرل کم مقرر کی ہے جو کہ گزشتہ ماہ کے مقابلے میں 3 ڈالر کم ہے۔اس کے علاوہ آرامکو نے ایشیا کو فروخت کیے جانے والے خام تیل کے دیگر گریڈز یعنی 'عرب میڈیم' اور 'عرب ہیوی' کی نومبر کی سرکاری قیمتوں میں بھی 5 ڈالر فی بیرل کی کمی کردی ہے۔

42

عائد کردی۔سعودی وزارت داخلہ کے مطابق کسی بھی فوجی یا دفاعی کارروائی کی فلم بندی، تصاویر بنانا یا ان مناظر کو ڈیجیٹل پلیٹ فارمز پر پھیلانا قومی سلامتی کے لیے خطرہ تصور کیا جائے گا۔سعودی وزارت داخلہ کا کہنا ہے کہ قومی سلامتی کے معاملات پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، قانون کی خلاف ورزی کرنے والے افراد کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔حکام کے مطابق پابندی سعودی شہریوں کے ساتھ ملک میں مقیم غیر ملکیوں پر بھی لاگو ہوگی، جبکہ دفاعی نظام، میزائلوں اور ڈرونز سے متعلق حساس مناظر کی تشہیر کرنے والوں کو قانونی کارروائی کا سامنا کرنا پڑسکتا ہے۔

43

بغیر ممکن نہیں اساتذہ قوم کے معمار ہیں نوجوانوں کی سیرت اور کردار سازی کا فریضہ سرانجام دیتے آئے ہیں، قوم کے سنوار اور بگاڑ میں معلم کا کلیدی کردار ہے رند قبائل کے سربراہ چیف آف رند سردار یار محمد رند نے کہا کہ اس بات میں کوئی شک وشبہ نہیں کہ معاشرے کی تعمیر میں ایک استاد کا کلیدی رول ہوتا ہے اساتذہ کرام ہمارے معاشرے کی وہ عظیم ہستی ہیں جو نئی نسل کو زیور تعلیم سے آراستہ کرتے ہیں اور انہیں مستقبل کے چیلنجوں کا مقابلہ کرنے کے لئے تیار کرتے ہیں حق بات تو یہ ہے کہ اساتذہ روحانی ماں باپ ہوتے ہیں جو نہ صرف جسمانی صحت وصفائی کے اصول سکھاتے ہیں بلکہ روحانی بیماریوں سے چھٹکارہ دلاکر معاشرے کا ایک اعظیم فرد بھی بناتے ہیں اور انسان کے اندر پنہاں تمام تر صلاحیتوں اور قوتوں کو پروان چڑھاتے ہیں، آج اس قوم کے معمار کے پاس نونہال پودے ہے بلکہ یہ کھوں کی بیج ہیں جن کو محبت وشفقت کی ذہن میں بو کر اور علم کی پانی سے ایک گلستان تیار کرتے ہیں۔آج ان ننھے منے بچوں کا یہ گلستان اجن کے ہاتھ میں ہے دورے جدید نے ان بچوں کو بھی جدید بنایا ہے اور آج کے بچے کمپیوٹر ذہن کے مالک ہے انہوں نے شوران سمیت بلوچستان بھر کے اساتذہ کرام کو ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ وہ بلوچستان کے پسماندہ علاقہ شوران میں زیر تعلیم بچوں کے بہتر مستقبل کے لئے تعلیم وتربیت میں اپنی صلاحیتوں کو استعمال میں لاکر تعلیم یافتہ بلوچستان کا خواب پورا کریں زیر تعلیم طلباء وطالبات بھی علم کے حصول میں اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے نہ صرف شوران اسکول بلکہ اپنے والدین اور اپنے اپنے علاقوں کا نام بھی روشن کرتے ہوئے ملک وقوم کی ترقی خوشحالی میں اپنا مقام پیدا کریں اور دنیا کے جدید چیلنجز سے نمٹنے کے لئے اپنے اساتذہ کرام کی عزت احترام کو بھی یقینی بنائے۔

44

کا مقصد ان جہازوں کی نقل وحرکت روکنا تھا جو مبینہ طور پر امریکی احکامات کی خلاف ورزی کر رہے تھے یا ایران سے متعلق مشکوک سرگرمیوں میں ملوث تھے۔سینٹ کام کے مطابق 130 تجارتی جہازوں کو راستہ تبدیل کرنے پر مجبور کرنے کے علاوہ امریکی افواج نے ایسے تین جہازوں کو ناکارہ بھی بنایا جو مبینہ طور پر امریکی احکامات پر عمل کرنے سے انکار کر رہے تھے۔امریکی فوج کے مطابق گزشتہ 12 ہفتوں کے دوران مجموعی طور پر 13 تجارتی جہازوں کو تباہ کیا گیا۔

45

کم کرکے گردشی قرضے پر قابو پانے کی سفارش کی گئی ہے، آپریشنل اصلاحات کے بغیر سبسڈی دینے سے گردشی قرض کا مسئلہ برقرار رہنے کا خدشہ ہے۔رپورٹ کے مطابق خسارے کا شکار ڈسکوز میں اصلاحات اور ٹیرف نظام میں بہتری ناگزیر ہے، بہتر صورتحال میں سرکلر ڈیٹ تقریبا 3، 200 ارب روپے تک کم ہونے کا امکان ہے۔موجودہ صورتحال برقرار رہنے کی صورت میں منافع 80.5 ارب روپے رہنے کا امکان ہے، خراب صورتحال میں 140 سے 170 ارب روپے تک نقصان کا امکان ہے۔نقصان والی ڈسکوز کی کارکردگی بہتر نہ ہوئی تو مالی نقصانات بڑھنے کا خدشہ ہے، مالی خطرات میں خالص مالی آمدن کا ایک گنا سے کم ہونا اہم خطرہ ہے، لاگت کے مطابق وصولی کا تناسب 0.95 فیصد حاصل کرنے کی سفارش کی گئی ہے۔بجلی ٹیرف میں اصلاحات سے پاور سیکٹر کی مالی صورتحال میں بہتری متوقع ہے، ٹیرف اصلاحات سے سالانہ تقریبا 15 ارب روپے کی بچت ممکن قرار دی گئی۔رپورٹ کے مطابق حیسکو اور پیسکو بڑے مالی خسارے والی بجلی کمپنیوں میں شامل ہیں، سیپکو کی مالی صورتحال انتہائی خراب قرار، کیسکو سب سے زیادہ خسارے میں ہے۔کیسکو کی ہر 1 روپے کے خرچ کے مقابلے میں صرف 55 پیسے وصولی، کیسکو کو ہر سہ ماہی تقریبا 23 ارب روپے نقصان کا سامنا ہے۔صرف سبسڈی دینے سے ڈسکوز کے مالی مسائل حل نہیں ہورہے۔فیسکو، ہیزکو، میپکو، گیپکو اور آئیسکو کی مالی حالت نسبتا بہتر ہے، بہتر ڈسکوز کی لاگت کے مقابلے وصولی کا تناسب 1.01 سے 1.06 گنا تک ہے، لیسکو اور ٹیسکو کو معمولی مالی نقصان کا سامنا ہے، بہتر صورتحال میں پورٹ فولیو کا منافع تقریبا دوگنا ہوکر 160 ارب تک پہنچ سکتا ہے۔

46

پابندیوں کی زد میں آنے والے ایرانی مالیاتی اداروں کے ساتھ لین دین کرنے والے غیرملکی بینکوں کو بغیر پیشگی اطلاع کے کسی بھی وقت پابندیوں کا نشانہ بنایا جاسکتا ہے۔واشنگٹن نے ایسے اداروں سے فوری طور پر ایران سے متعلق لین دین اور کاروباری تعلقات ختم کرنے کا مطالبہ کیا ہے، امریکا نے فروری کے آخر میں ایران کے خلاف جنگ شروع کی تھی، جس کے بعد خطے میں کشیدگی میں اضافہ ہوا۔ایران کی جوابی کارروائیوں نے خلیجی ممالک کو بھی متاثر کیا جبکہ اہم تجارتی راستے میں رکاوٹ کے باعث عالمی توانائی اور کھاد کی قیمتوں میں نمایاں اضافہ ہوا۔واشنگٹن نے اگست کے آخر سے ایران کو معاشی طور پر تنہا کرنے کی مہم مزید تیز کر دی ہے اور اپنے اتحادیوں کو خبردار کیا ہے کہ ایران کے ساتھ لین دین جاری رکھنے کی صورت میں انہیں ثانوی پابندیوں کا سامنا کرنا پڑسکتا ہے۔

47

جائیں۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان چوتھے اقتصادی جائزہ مذاکرات جاری ہے۔ پاکستانی حکام اور آئی ایم ایف مشن نے ایم ای ایف پی کی تیاری پر کام شروع کردیا۔آئی ایم ایف مشن کے ساتھ وزارت پٹرولیم اور پاور ڈویژن کے مذاکرات میں فنڈ نے صوبوں کی رضامندی سے شوگر سیکٹر کو ڈی ریگولیٹ کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ذرائع کے مطابق صوبہ سندھ نے مرکز کی شوگر پالیسی کو صوبائی خودمختاری میں مداخلت قراردیدیا، ذرائع وزارت خزانہ کے مطابق سندھ کے اختلاف کی وجہ سے شوگر پالیسی طے نہیں ہو سکی۔آئی ایم ایف مشن کی وزارت خزانہ کے حکام کے ساتھ آج پھر ملاقات ہوگی، آئی ایم ایف نے آٹو پالیسی میں ای ویز کو دی گئی ٹیکس چھوٹ ختم کرنے کا مطالبہ بھی کردیا۔ مشن پٹرول سبسڈی اسکیم جاری رکھنے پر رضامند ہوگیا تاہم ساتھ میں مطالبہ کیا ہے کہ اسکیم میں مزید صارف نہ بڑھائیں جائیں۔واضح رہے کہ قرض پروگرام کی اگلی قسط کی راہ ہموار کرنے کیلئے پاکستان اور آئی ایم ایف کے مذاکرات آخری مراحل میں ہیں ۔ چوتھے جائزہ مذاکرات میں توانائی شعبے کی اصلاحات، ٹیکس وصولیوں اور معاشی اہداف پر بات چیت جاری ہے۔ مذاکرات کامیاب رہے تو رواں ہفتے اسٹاف لیول معاہدہ طے پانے کا امکان ہے۔آئی ایم ایف مشن نے میمورنڈم آف فنانشل اینڈ اکنامک پالیسی پیش کردیا۔ذرائع کے مطابق وفد کی ایف بی آر اور وزارت پٹرولیم کے حکام سے ملاقاتیں ہوں گی۔ وزیراعظم کی فیول سبسڈی اسکیم، گیس ٹیرف اور توانائی شعبے کے گردشی قرضے زیر بحث آئیں گے۔تکنیکی سطح کے مذاکرات میں ایف بی آر نے رواں سال کا ٹیکس ہدف حاصل کرنے کی یقین دہانی کرائی۔ آئی ایم ایف مشن نے اب تک کی پیش رفت اور جولائی سے ستمبر تک کے محصولات پر اطمینان کا اظہار کیا ہے۔ اقتصادی ٹیم نے دسمبر 2026 تک نئے این ایف سی کی یقین دہانی بھی کرائی ہے۔پاور سیکٹر کی مجموعی کارکردگی پر اطمینان کے باوجود آئی ایم ایف نے گردشی قرضے میں کمی، ڈسکوز کے نقصانات پر قابو پانے اور نجکاری کے لیے اقدامات پر زور دیا۔ پالیسی سطح کے مذاکرات میں معاشی اصلاحات، ایف بی آر محصولات اور دیگر اقدامات کو حتمی شکل دی جائے گی۔ذرائع کے مطابق رواں سال پاکستان کی جی ڈی پی شرح نمو چار فیصد تک رہنے کا امکان ہے۔علاقائی کشیدگی کے باعث کرنٹ اکاؤنٹ خسارے پر دباؤ بڑھ سکتا ہے۔ مذاکرات کی کامیابی کی صورت میں آئی ایم ایف مشن مجموعی جائزے کا اعلامیہ جاری کرے گا۔ بات چیت نامکمل رہنے کی صورت میں ورچوئل مذاکرات جاری رہیں گے۔ قرض پروگرام کی پانچویں قسط کا اجرا آئی ایم ایف ایگزیکٹو بورڈ کی منظوری سے مشروط ہوگا۔ وفد کی وزیراعظم شہباز شریف سے ملاقات کا بھی امکان ہے۔

48

مطابق ملک بھر میں بجلی کا شارٹ فال بڑھ گیا ہے، اس وقت ملک میں بجلی کا شارٹ فال 4ہزار میگاواٹ سے زیادہ ہے۔متعدد پاور پلانٹس سسٹم سے نکل گئے ہیں اور ہائیڈل پیداوار بھی کم ہوگئی ہے۔

محمود اچکزئی کی اپوزیشن کو وزیراعظم کی پیشکش کا مثبت جواب دینے کی ہدایت

اگر بانی سے ملاقات نہیں ہوتی تو وزیراعظم سے ملاقات بے معنی ہوگی، بانی سے ملاقات نہ ہوئی تو وزیراعظم سے ملاقات سے انکار کا سوچا جاسکتا ہے

مذاکرات میں پہلی شرط عمران خان سے ملاقات ہونی چاہیے، یہ نہ ہوتو وزیراعظم سے ملنے سے انکار کیا جاسکتا ہے، اپوزیشن لیڈر قومی اسمبلی

اسلام آباد (جی این ایم) وزیراعظم کی جانب سے ایک بار پھر مذاکرات کی پیشکش پر محمود خان اچکزئی نے اپوزیشن کو مثبت جواب دینے کی ہدایت جاری کردی۔ تفصیلات کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف نے آج اپوزیشن کو ایک بار پر احتجاج روکنے اور مذاکرات کی دعوت دی ہے جس کے جواب میں اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی نے تحریک تحفظ آئین پاکستان کے ترجمان اخونزادہ حسین یوسفزئی کے ذریعے اپوزیشن رہنماؤں کو پیغام بھجوایا ہے جس میں کہا ہے کہ اگر حکومت رابطہ کرے تو مثبت جواب دیا جائے۔ ذرائع کے مطابق محمود خان اچکزئی نے کہا کہ حکومت کے (باقی صفحہ 3 نمبر11)

راولپنڈی، بانی پی ٹی آئی عمران خان کے کزن قاسم زمان کو تحویل میں لے لیا گیا

بانی پی ٹی آئی سے فوری ملاقات کیلئے سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل کو درخواست دیدی گئی

راولپنڈی (جی این ایم) بانی پی ٹی آئی عمران خان کے کزن قاسم زمان کو راولپنڈی سے تحویل میں لے لیا گیا۔ بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کیلئے گورکھپو رنا کے آنے والے عمران خان کے کزن قاسم زمان کو تحویل میں لے لیا گیا، قاسم زمان کو پولیس چوکی اڈیالہ منتقل کردیا گیا۔ (باقی صفحہ 3 نمبر9)

ملک بھر میں رجسٹرڈ 161 سیاسی جماعتوں کی فہرست جاری

عوام پاکستان پارٹی رجسٹرڈ نہیں، پاکستان تحریک انصاف 79 ویں نمبر پر رجسٹرڈ، سربراہ کا نام درج نہیں

اسلام آباد (جی این ایم) الیکشن کمیشن آف پاکستان نے ملک بھر میں رجسٹرڈ 161 سیاسی جماعتوں کی فہرست جاری کردی۔ الیکشن کمیشن کی جانب سے رجسٹرڈ سیاسی جماعتوں کی جاری تازہ فہرست کے مطابق سابق وزیر اعظم شاہد خاقان عباسی کی عوام پاکستان پارٹی رجسٹرڈ نہیں، پاکستان تحریک انصاف الیکشن کمیشن کی فہرست میں 79 ویں نمبر پر رجسٹرڈ ہے جس (باقی صفحہ 3 نمبر8)



اسلام آباد، وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ برطانوی وزیر مملکت اسٹیفن ڈوٹی کو یادگار شیلڈ پیش کررہے ہیں

دشمن نے نئی غلطی دہرائی تو ایران نئے محاذ کھولے گا، محسن رضائی

ٹرمپ نے اسرائیل کی ایما پر حملہ کیا تو ایرانی فوج امریکی مفادات پر پوری طاقت سے حملہ کرے گی

تہران (جی این ایم) ایران کی قومی سلامتی کونسل کے سربراہ میجر جنرل محسن رضائی نے خبردار کیا ہے کہ دشمن نے نئی غلطی دہرائی تو ایران نئے محاذ کھولے گا اور زیادہ حیرت انگیز جواب (باقی صفحہ 3 نمبر13)

اسما جتک کیس کا اصل قاتل تاحال گرفتار نہیں ہوا، علی مدد جتک

قاتلوں اور ظالموں کے سرپرستوں کے خلاف آواز بلند کرتے رہیں گے، صوبائی وزیر

کوئٹہ (جی این ایم) صوبائی وزیر میر علی مدد جتک نے بلوچستان اسمبلی میں اظہار خیال کرتے ہوئے کہا ہے کہ اسما جتک کیس میں اصل قاتل کو تاحال گرفتار نہیں کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ قاتلوں اور ظالموں کی سرپرستی کرنے والوں کے خلاف آواز بلند کرتے رہیں گے۔ ان (باقی صفحہ 3 نمبر14)

شہدا جمہوریت وشہدا وطن کی برسی پر 7 اکتوبر ژوب میں مرکزی جلسہ عام ہوگا، پشتونخوا میپ

جلسہ عام سے پشتونخوا میپ کے چیئرمین ملی مشر محمود خان اچکزئی ودیگر مرکزی وصوبائی قائدین خطاب فرمائینگے

کوئٹہ (جی این ایم) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ کے جاری کردہ بیان میں کہا گیا ہے کہ ملک میں طویل ضیائی مارشل لاء کے خلاف ایم آر ڈی کی تحریک بحالی جمہوریت پر 3 اکتوبر 1983ء کو درجنوں سیاسی جمہوری کارکنوں، نہتے عوام کو سندھ میں (باقی صفحہ 3 نمبر15)

9 مئی کیسز، علیمہ خانم، عظمیٰ خانم، اعظم سواتی کی عبوری ضمانت میں توسیع

پراسیکوشن سے مقدمات کا ریکارڈ طلب، اعظم سواتی کی ایک روزہ حاضری معافی کی درخواست منظور

لاہور (جی این ایم) نو مئی جناح ہاؤس، عسکری ٹاور حملہ اور تھانہ شادمان نذر آتش سمیت دیگر مقدمات میں بانی پی ٹی آئی کی بہنوں علیمہ خانم اور عظمیٰ خانم سمیت دیگر پی ٹی آئی رہنماؤں کی عبوری ضمانت میں 6 نومبر تک توسیع ہوگئی۔ انسداد دہشت گردی عدالت لاہور نے 9 مئی جلاؤ گھیراؤ کیس میں بانی پی ٹی آئی کی بہن علیمہ خانم اور عظمیٰ خانم سمیت دیگر کی عبوری ضمانت کی درخواستوں (باقی صفحہ 3 نمبر16)

بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں کا پورٹ فولیو سب سے بڑا مالی خطرہ قرار

پاور سیکٹر پر مالی دباؤ کم کرنے کیلئے آپریشنل نقصانات میں کمی ناگزیر

اسلام آباد (جی این ایم) بجلی کی 11 تقسیم کار کمپنیوں کا پورٹ فولیو سب سے بڑا مالی خطرہ ہے۔ پاور سیکٹر پر مالی دباؤ کم کرنے کیلئے آپریشنل نقصانات میں کمی ناگزیر قرار دیدیا گیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق گزشتہ مالی سال کی پہلی ششماہی میں ڈسکوز کو 282 ارب کی سبسڈی دی گئی۔ سبسڈی کے باوجود سرکلر ڈیٹ میں مزید 143 ارب روپے کا اضافہ ہوگیا۔ خراب صورتحال میں حکومت کو سالانہ 1200 ارب روپے مالی مدد دینا پڑ سکتی ہے۔ ڈسکوز کے اخراجات، مالی نقصانات (باقی صفحہ 3 نمبر45)



گوادر چیئرمین گوادر پورٹ اتھارٹی نورالحق بلوچ ایمبولینس کے کاغذات انچارج گوادر ایمبولینس سروس نسیم بلوچ کے حوالے کررہے ہیں

صوبے میں عوام کو کیا اساتذہ کو بھی حکومت نے تحفظ فراہم نہیں کیا' سردار یار محمد رند

تعلیم کا حصول استاد کے بغیر ممکن نہیں، تعلیم یافتہ قومیں ہی ملک وقوم کی ترقی خوشحالی میں اپنا مقام پیدا کرتی ہے

سبی (اے این این) رند قبائل کے سربراہ سینئر پارلیمنٹرین چیف آف رند سردار یار محمد رند نے ٹیچر ڈے پر اساتذہ کو سلام پیش کرتے کرتے ہوئے انہوں نے مزید کہا کہ اساتذہ قوم کے معمار ہے کوئی بھی قوم اور معاشرہ تعلیم کے بغیر ترقی نہیں کرسکتا تعلیم کا حصول استاد کے بغیر ممکن نہیں، تعلیم یافتہ قومیں ہی ملک وقوم کی ترقی خوشحالی میں اپنا مقام پیدا کرتی ہے کا حصول استاد کے (باقی صفحہ 3 نمبر43)

صوبے میں تعلیم کی فروغ اور اساتذہ کے حقوق کے تحفظ کیلئے متعدد اقدامات اٹھائیں گئے' جمال شاہ

ملک کی ترقی اور ہمارے مستقبل کو روشن بنانے والے اس اساتذہ کرام کی صلاحیتوں پر پوری قوم کو ناز ہے' رکن قومی اسمبلی

سبی (اے این این) پاکستان مسلم لیگ ن کے صوبائی جنرل سیکرٹری ورکن قومی اسمبلی سید جمال شاہ کاکڑ نے بلوچستان سمیت ملک بھر کے اساتذہ کرام کی خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ ملک کی ترقی اور ہمارے مستقبل کو روشن بنانے والے اس اساتذہ کرام کی صلاحیتوں پر پوری قوم کو ناز ہے جنہوں نے اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے مایا ناز سائنس (باقی صفحہ 3 نمبر40)

شناختی کارڈ کے اجراء میں بلاجواز تاخیر کا نوٹس، سائل کو انصاف مل گیا

عام آدمی کو دہلیز پر مفت اور فوری انصاف کی فراہمی وفاقی محتسب کا طرہ امتیاز ہے' وفاقی محتسب

خضدار (اے این این) وفاقی محتسب سیکرٹریٹ ریجنل دفتر خضدار نے سرکاری محکموں کی زیادتیوں کے خلاف عام آدمی کو ریلیف فراہم کرنے کی اپنی شاندار روایت کو برقرار رکھتے ہوئے، نادرا کی جانب سے قومی شناختی کارڈ کے اجراء میں ہونے والی بلاجواز تاخیر پر سوراب کے رہائشی کو انصاف فراہم کر دیا۔ وفاقی محتسب کی بروقت اور موثر کارروائی کے نتیجے میں (باقی صفحہ 3 نمبر39)

عوام کی فلاح و بہبود کیلئے دن رات ایک کرکے کام کررہے ہیں' وفاقی محتسب کوئٹہ

وفاقی محتسب ریجنل آفس خضدار کی کامیاب کارروائی، مستحق خاتون کو بی آئی ایس پی کا رکا ہوا وظیفہ مل گیا

خضدار (اے این این) وفاقی محتسب سیکرٹریٹ ریجنل آفس خضدار نے غریب اور مستحق عوام کو فوری اور مفت انصاف فراہم کرنے کی اپنی شاندار روایت برقرار رکھتے ہوئے بینظیر انکم سپورٹ پروگرام (BISP) کی ایک مستحق خاتون کو ان کا رکا ہوا وظیفہ دلوا دیا۔ وفاقی محتسب کی بروقت مداخلت نے سرکاری محکمے کی جانب سے ہونے والی تاخیر کا ازالہ کر کے غریب خاندان (باقی صفحہ 3 نمبر38)



کوئٹہ، پی بی 44 کے آزاد امیدوار محمد علی ماہر پریس کلب کے سامنے 37 ویں روز احتجاج پر بیٹھا ہوا ہے

بانی پی ٹی آئی کی بہنوں سے ملاقات کیلئے لاہور ہائیکورٹ میں درخواست دائر

لاہور (جی این ایم) جیل میں قید بانی پی ٹی آئی کی بہنوں سے ملاقات کیلئے لاہور ہائیکورٹ میں درخواست دائر کردی گئی۔ درخواست ڈاکٹر عظمیٰ خان کے شوہر احد خان نے دائر کی، درخواست میں موقف اپنایا گیا ہے کہ ڈاکٹر عظمیٰ خان اور انکی دونوں بہنوں کو نظر بند کردیا گیا ہے (باقی صفحہ 3 نمبر10)

عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمتوں میں کمی ریکارڈ

واشنگٹن (جی این ایم) مشرق وسطی سے مضبوط برآمدات کے باعث خام تیل کی قیمتوں میں کمی ہوگئی۔ امریکی خام تیل 1 فیصد کمی سے 88.45 ڈالر فی بیرل تک گر گیا جبکہ لندن برینٹ آئل 70. فیصد کمی سے 100 ڈالر فی بیرل سے نیچے آ گیا ہے۔ لندن برینٹ آئل 99 ڈالر 50 سینٹس فی بیرل پر ٹریڈ ہو رہا ہے۔ رپورٹ کے مطابق جی سیون ممالک کی جانب سے (باقی صفحہ 3 نمبر6)



کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے صوبائی وزیر شعیب نوشیروانی اور انسپکٹر جنرل پولیس بلوچستان محمد طاہر خان ملاقات کررہے ہیں

احسن اقبال کا لیاقت بلوچ سے رابطہ، مذاکرات سے متعلق وزیراعظم کا پیغام پہنچایا

وزیراعظم اور امیر جماعت اسلامی کے درمیان ملاقات کیلئے جلد شیڈول طے کیا جائے گا، لیاقت بلوچ

لاہور (جی این ایم) جماعت اسلامی نے کہا ہے کہ وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے نائب امیر جماعت اسلامی لیاقت بلوچ سے رابطہ کیا ہے اور پٹرولیم لیوی سے متعلق جاری مذاکرات کے حوالے سے وزیراعظم کا پیغام پہنچایا ہے۔ جماعت اسلامی کی جانب سے جاری بیان (باقی صفحہ 3 نمبر5)

قتل کیس میں صلح سے پہلے ورثا کا تعین ضروری ہے، لاہور ہائیکورٹ کا حکم

لاہور (جی این ایم) خاتون قتل کیس میں صلح کے وقت دو شوہر سامنے آ گئے، لاہور ہائیکورٹ نے قانونی ورثا کے تعین کا حکم دے دیا۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس طارق سلیم شیخ نے مقتولہ سمیرا بی بی کے قتل کے مقدمے میں ملزم مقصود احمد کی درخواست پر 9 صفحات پر مشتمل تحریری (باقی صفحہ 3 نمبر3)

پنجاب کے بیشتر اضلاع میں بارشوں کی پیشگوئی، الرٹ جاری

لاہور، پشاور، مظفر آباد (جی این ایم) پنجاب کے بیشتر اضلاع میں آئندہ 24 گھنٹوں میں بارشوں کی پیشگوئی کے پیش نظر صوبائی ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (پی ڈی ایم اے) نے ضلعی انتظامیہ کو الرٹ رہنے کی ہدایت کردی جبکہ خیبر پختونخوا کے ضلع دیر لوئر سمیت مختلف علاقوں میں رات گئے گرج چمک کے ساتھ طوفانی بارش اور شدید ژالہ باری ہوئی، گاڑیوں اور سولر کے شیشے بھی ٹوٹ (باقی صفحہ 3 نمبر4)

آئی ایم ایف پٹرول سبسڈی اسکیم جاری رکھنے پر رضامند

مزید صارف نہ بڑھانے، صوبوں کی رضامندی سے شوگر سیکٹر کو ڈی ریگولیٹ کرنے کا مطالبہ

اسلام آباد (جی این ایم) عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) پٹرول سبسڈی اسکیم جاری رکھنے پر رضامند ہوگیا تاہم یہ مطالبہ بھی کیا ہے کہ اسکیم میں مزید صارف نہ بڑھائیں (باقی صفحہ 3 نمبر1)

ملک میں بجلی کا شارٹ فال 4 ہزار میگاواٹ سے تجاوز کرگیا

دوسری جانب لیسکو ریجن میں شارٹ فال 1500 میگاواٹ سے بھی تجاوز، بدترین لوڈشیڈنگ کا خدشہ

اسلام آباد (جی این ایم) ملک میں بجلی کا شارٹ فال 4 ہزار میگاواٹ سے تجاوز کرگیا، متعدد پاور پلانٹس سسٹم سے نکل گئے، ہائیڈل پیداوار بھی کم ہوگئی۔ این ٹی ڈی سی ذرائع کے (باقی صفحہ 3 نمبر2)



کوئٹہ: بلوچستان اسمبلی میں قائد حزب اختلاف میر یونس عزیز زہری بلوچستان اسمبلی میں میڈیا سے گفتگو کررہے ہیں

وزیراعظم کے مشیر برائے صنعت و پیداوار سے پاکستان میں ازبکستان کے سفیر کی ملاقات

ملاقات میں اقتصادی تعاون، تجارت اور سرمایہ کاری کے فروغ پر تبادلہ خیال کیا گیا

اسلام آباد (جی این ایم) وزیراعظم کے مشیر برائے صنعت و پیداوار ہارون اختر خان سے پاکستان میں ازبکستان کے سفیر علی شیر تخیف نے ملاقات کی۔ ملاقات میں پاکستان اور ازبکستان کے درمیان دوطرفہ تعلقات، اقتصادی تعاون، تجارت، سرمایہ کاری، برآمدات اور عوامی روابط کے فروغ سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران وزیراعظم (باقی صفحہ 3 نمبر12)



کوئٹہ، مسلم لیگ (ن) کے جنرل سیکرٹری وارکین قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ، اختر بی بی، وفاق وفاقی وزیر خلیل جارج، زینت شاہوانی، حیدر خان اچکزئی، فائزہ، فاطمہ خان سمیت دیگر مسلم لیگ اقلیتی خواتین کنونشن سے خطاب کررہے ہیں

ایل این جی سستی، صارفین کے بلوں میں بھی بڑی کمی کا امکان

لاہور (جی این ایم) عوام اور صنعتی شعبے کیلئے خوشخبری، ایل این جی کی قیمتوں میں بڑی کمی ہوگئی۔ سوئی نادرن گیس کمپنی کے سسٹم پر ایل این جی کی قیمتوں میں کمی ہونے سے کمپنی میں ایل این جی پر نصب کنکشنز کے بلوں میں کمی ہونے کا امکان ہے۔ ذرائع کے مطابق (باقی صفحہ 3 نمبر18)

امریکا کی غیرملکی مالیاتی اداروں کو ایران سے لین دین پر پابندیوں کی دھمکی

واشنگٹن (جی این ایم) امریکا نے غیر ملکی مالیاتی اداروں کو خبردار کیا ہے کہ اگر انہوں نے ایران یا اس کے بینکاری شعبے کے ساتھ کاروباری لین دین جاری رکھا تو انہیں امریکی پابندیوں کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ امریکی محکمہ خزانہ کی جانب سے جاری کردہ انتباہ میں کہا گیا ہے کہ (باقی صفحہ 3 نمبر46)

ایران کی ناکہ بندی، امریکا کا 130 تجارتی جہاز موڑنے اور 13 تباہ کرنے کا دعویٰ

واشنگٹن (جی این ایم) ایران کے خلاف جاری امریکی بحری ناکہ بندی کے دوران امریکی افواج نے مشرقِ وسطیٰ میں 130 تجارتی جہازوں کا رخ موڑنے کا دعویٰ کیا ہے۔ امریکی سینٹرل کمانڈ کے بیان کے مطابق کارروائی (باقی صفحہ 3 نمبر44)

سعودی عرب میں میزائل اور ڈرون روکنے کی ویڈیوز بنانے پر پابندی عائد

ریاض (جی این ایم) سعودی وزارت داخلہ نے شہریوں اور غیر ملکی مقیم افراد کے لیے اہم انتباہ جاری کرتے ہوئے میزائلوں یا ڈرونز کو فضا میں روکنے کے مناظر کی ویڈیوز اور تصاویر بنانے یا سوشل میڈیا پر شیئر کرنے پر پابندی (باقی صفحہ 3 نمبر42)

سعودی آرامکو نے ایشیا کیلئے خام تیل سستا کردیا، قیمتیں 6 سال کی کم ترین سطح پر آ گئیں

ریاض (جی این ایم) سعودی عرب نے غیر متوقع طور پر نومبر میں ایشیا کیلئے خام تیل کی قیمتوں میں نمایاں کمی کر دی ہے، جس کے بعد ایشیا کے لئے خام تیل کی قیمتیں 6 سال کی کم ترین سطح پر آ گئیں۔ اس کے برعکس شمال مغربی یورپ اور بحیرہ روم کے خطے کے لیے قیمتوں میں اضافہ کیا گیا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے (باقی صفحہ 3 نمبر41)

جی ڈی اے کا شہری خدمات کو مزید موثر بنانے کے لیے مشینری فلیٹ میں چھ نئے لوڈر رکشوں کا اضافہ

ڈی جی جی ڈی اے معین الرحمن خان نے نئے لوڈر رکشے واٹر، باغبانی اور میونسپل ونگ کے حوالے کردیے

گوادر (خ ن) گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی نے شہری خدمات کو مزید موثر بنانے کے لیے اپنے مشینری وٹرانسپورٹ فلیٹ میں چھ نئے جدید لوڈر رکشوں کا اضافہ کر دیا۔ ڈائریکٹر جنرل جی ڈی اے معین الرحمن خان نے نئے لوڈر رکشے واٹر، باغبانی اور میونسپل ونگ سمیت متعلقہ شعبوں کے حوالے کر دیے۔ اس موقع پر چیف انجینئر جی ڈی اے حاجی سید محمد پی ڈی واٹر میر جان بلوچ، (باقی صفحہ 3 نمبر19)

محکمہ زراعت ضلع گوادر کا اجلاس، زرعی ترقی، مسائل کے حل اور فیلڈ سرگرمیوں کا تفصیلی جائزہ

نئے تعینات ہونے والے اسسٹنٹ ڈائریکٹر شماریات کا خیرمقدم، ذمہ داریاں احسن طریقے سے نبھانے کی امید

گوادر (خ ن) محکمہ زراعت ضلع گوادر کے دفتر میں ڈپٹی ڈائریکٹر توسیع مقبول احمد کی زیر صدارت زراعت کی بہتری، مختلف زرعی مسائل کے حل اور فیلڈ سرگرمیوں کی موثر رپورٹنگ کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا، جس میں نئے تعینات ہونے والے اسسٹنٹ ڈائریکٹر شماریات اور رواں ماہ ریٹائر ہونے والے محمد عمر جمالی سمیت محکمہ زراعت کے افسران اور فیلڈ اسٹاف (باقی صفحہ 3 نمبر24)

سیکیورٹی فورسز اور ضلعی انتظامیہ کے اشتراک سے جنوبی بلوچستان میں کھلی کچہریوں کا انعقاد

عوامی مسائل کے فوری حل کیلئے باہمی تعاون اور اقدامات کی یقین دہانی کرائی گئی

کوئٹہ (جی این ایم) سیکیورٹی فورسز اور ضلعی انتظامیہ کے اشتراک سے جنوبی بلوچستان میں کھلی کچہریوں اور جرگوں کا انعقاد جاری ہے۔ ستمبر 2026 میں تربت، مند، بلیدہ، ہوشاب، دشت، پنجگور، خاران اور ماشکیل میں 23 کھلی کچہریاں اور جرگے منعقد ہوئے جن میں مقامی عمائدین، نوجوانوں اور شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ کھلی کچہریوں میں سیکیورٹی، صحت، تعلیم (باقی صفحہ 3 نمبر25)

پہلی بار دیکھا کہ وزیرِ اعلیٰ تحریک چلا رہا ہے، زاہد خان

ایک قیدی کی رہائی کیلئے اسلام آباد پر چڑھائی کا کوئی جواز نہیں بنتا

پشاور (جی این ایم) مسلم لیگ ن کے رہنما زاہد خان نے وزیرِ اعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی پر تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایک قیدی کی رہائی کے لئے اسلام آباد پر چڑھائی کا کوئی جواز نہیں بنتا۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا ہے کہ دہشت گردی سے سب زیادہ متاثر خیبر پختونخوا میں امن وامان کی صورتِ حال انتہائی ابتر اور کرپشن کا بازار گرم ہے۔ زاہد خان (باقی صفحہ 3 نمبر27)



کوئٹہ، چیمبر آف سمال ٹریڈرز اینڈ سمال انڈسٹری کے صدر نوید یوسف بیوٹمز کے طلباء وطالبات کے دورے کے موقع پر خطاب کررہے ہیں

کراچی ایئرپورٹ کسٹمز کی کارروائی، 3.2 ارب روپے کی ٹریڈ بیسڈ منی لانڈرنگ کا انکشاف

کراچی (جی این ایم) کراچی ایئرپورٹ کسٹمز نے دو مبینہ کاغذی کمپنیوں کے ذریعے 3 ارب 20 کروڑ روپے کی مشتبہ درآمدات اور ٹریڈ بیسڈ منی لانڈرنگ کے شواہد بے نقاب کر دیئے۔ محکمہ کسٹمز کی تحقیقات کے دوران انکشاف ہوا ہے کہ ان کمپنیوں نے بغیر پی ٹی اے (باقی صفحہ 3 نمبر20)

خضدار، فیروز آباد میں اناری ندی کے قریب سے نامعلوم شخص کی لاش برآمد، ہسپتال منتقل

خضدار (جی این ایم) فیروز آباد اناری ندی سے نامعلوم شخص کی لاش برآمد۔ تفصیلات کے مطابق خضدار کے علاقے فیروز آباد کی اناری ندی سے ایک نامعلوم شخص کی لاش برآمد ہوئی ہے۔ پولیس ذرائع کے مطابق لاش کو تحویل میں لے کر ہسپتال کے مردہ خانے منتقل کردیا گیا (باقی صفحہ 3 نمبر23)

پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان مذاکرات رواں ہفتے مکمل ہو جائیں گے

اسلام آباد (جی این ایم) پاکستان اور عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) کے درمیان جاری مذاکرات رواں ہفتے مکمل ہو جائیں گے۔ ذرائع وزارت خزانہ کے مطابق مذاکرات کے دوران معاشی صورتحال اور اہم اہداف پر پیش رفت کا (باقی صفحہ 3 نمبر26)

مارکو روبیو اور نیتن یاہو کے درمیان ٹیلی فونک رابطہ، امریکی محکمہ خارجہ کی تصدیق

واشنگٹن (جی این ایم) امریکی محکمہ خارجہ کے ترجمان نے تصدیق کی ہے کہ امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو نے اسرائیلی وزیر اعظم بنجمن نیتن یاہو سے فون پر بات چیت کی۔ ترجمان محکمہ خارجہ نے بتایا کہ یہ کال اس وقت ہوئی جب سیکرٹری (باقی صفحہ 3 نمبر30)

غزہ میں مستقل جنگ بندی اور بڑے پیمانے پر امداد کی اجازت دی جائے، انتونیو گوتریس

نیویارک (آئی این پی) اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل انتونیو گوتریس نے 7 اکتوبر 2023 کے حملوں کے 3 سال مکمل ہونے پر غزہ میں مستقل جنگ بندی کا مطالبہ کیا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق انتونیو گوتریس نے اپنے بیان میں فریقین پر وعدوں پر عمل درآمد اور جنگ بندی کے اگلے مرحلے کی جانب پیشرفت (باقی صفحہ 3 نمبر33)

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر عبدالغفور جمالی کا ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال گنداواہ کا تفصیلی دورہ

ہسپتال میں دستیاب ادویات، مریضوں کو طبی سہولیات اور اسٹاک کی موجودہ صورتحال کا باریک بینی سے جائزہ

نصیرآباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر جھل مگسی سید رحمت اللہ شاہ کی ہدایات کی روشنی میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جھل مگسی عبدالغفور جمالی نے ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال گنداواہ کا تفصیلی دورہ کیا جہاں انہوں نے ہسپتال میں دستیاب ادویات مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات اور ادویات کے اسٹاک کا باریک بینی سے جائزہ لیا اس موقع پر سینئر میڈیکل آفیسر ڈاکٹر عبدالرزاق آرائیں (باقی صفحہ 3 نمبر21)

ضلع گوادر میں مہاجر پرندوں اور جنگلی حیات کے غیر قانونی شکار پر مکمل پابندی عائد

بلوچستان وائلڈ لائف ایکٹ کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف بلاامتیاز سخت قانونی کارروائی کی جائے گی: اسداللہ

گوادر (خ ن) ڈپٹی کنزرویٹر جنگلات ضلع گوادر اسداللہ نے عوام الناس، مقامی آبادی، شکاریوں، اور دیگر متعلقہ افراد کو خبردار کیا ہے کہ باہر سے آنے والے پرندوں سمیت جنگلی حیات کے غیر قانونی شکار، جال بچھانے، پھندے لگانے، پکڑنے، نقل وحمل اور خرید و فروخت کی کسی صورت اجازت نہیں دی جائے گی انہوں نے کہا کہ موسمی نقل مکانی کے دوران بڑی تعداد میں مہاجر (باقی صفحہ 3 نمبر22)

ایرانی صدر پزشکیان نے میزائل پروگرام کے تجربہ کار عہدیدار کو وزیر دفاع نامزد کردیا

ایرانی ارکان پارلیمنٹ کی منظوری کے بعد مہرداد اخلاقی کتابچی باضابطہ طور پر وزیر دفاع کا منصب سنبھال سکیں گے

تہران (جی این ایم) ایران کے صدر مسعود پزشکیان نے ملک کے نئے وزیر دفاع کیلئے میزائل پروگرام سے وابستہ تجربہ کار عہدیدار مہرداد اخلاقی کتابچی کو نامزد کردیا۔ ان کی نامزدگی ایسے وقت میں سامنے آئی ہے جب ایران میں جنگ کے آغاز کے بعد سے وزارت دفاع کا قلمدان (باقی صفحہ 3 نمبر28)

مذاکرات ناکام ہونے کی ذمہ دار پی ٹی آئی نہیں وفاقی وزرا ہیں، شوکت یوسفزئی

وفاقی وزرا کی جانب سے پی ٹی آئی پر سہولت کاری کے الزامات بے بنیاد ہے، بیان

پشاور (جی این ایم) پی ٹی آئی خیبر پختونخوا کے ترجمان شوکت یوسف زئی نے کہا ہے کہ مذاکرات کی ناکامی کے ذمہ دار وفاقی وزرا ہیں، 99 فیصد پر اتفاق رائے ہونے کا دعوی کرنے والی حکومت مذاکرات سے پسپا کیوں ہوئی، ایک فیصد مسئلہ کے حل کے لیے مزید وقت (باقی صفحہ 3 نمبر29)

سیونگز کے 111 مراکز بند یا ضم کرنے کی تیاری

ملک بھر میں نیشنل سیونگز مراکز کی تعداد 374 سے کم کر کے 263 کرنے کی تجویز

اسلام آباد (جی این ایم) نیشنل سیونگز کے 111 مراکز بند یا ضم کرنے کی تیاری کرلی گئی، جس سے صارفین کو قریبی مراکز سے رجوع کرنا پڑ سکتا ہے۔ وفاقی حکومت نے نیشنل سیونگز کے 111 مراکز کو غیر موثر اور مالی طور پر غیر پائیدار قرار دیتے ہوئے انہیں بند یا قریبی فعال مراکز میں ضم کرنے کی تیاری کرلی۔ نیشنل سیونگز کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن میں کہا گیا کہ ملک بھر میں (باقی صفحہ 3 نمبر31)

کو چیئرمین بلوچستان ریونیو اتھارٹی عبداللہ خان کا گوادر پورٹ اتھارٹی کا دورہ

گوادر پورٹ کی آپریشنل ترقی، تجارت اور اقتصادی سرگرمیوں میں اضافے کے امکانات پر تفصیلی بریفنگ

گوادر (خ ن) کو چیئرمین بلوچستان ریونیو اتھارٹی (بی آر اے) عبداللہ خان نے گوادر پورٹ اتھارٹی (جی پی اے) کا دورہ کیا۔ دورے کے موقع پر ڈائریکٹر منیر احمد بانا نے گوادر پورٹ کی فعال کاری، اس کی آپریشنل ترقی اور تجارت واقتصادی سرگرمیوں میں اضافے کے (باقی صفحہ 3 نمبر32)



کوئٹہ: چالو باوڑی کے علاقے میں جمع ہونے والے سیوریج کے پانی کا منظر

شمالی وزیرستان فورسز کی کارروائی 5 فتنہ الخوارج ہلاک 2 زخمی

تحت فتنہ الخوارج کے خلاف جاری کارروائیوں کے دوران سکیورٹی فورسز نے شمالی وزیرستان اور گردونواح میں فتنہ الخوارج کے ٹھکانوں کو کامیابی سے نشانہ بنایا

سکیورٹی فورسز کی بروقت اور مؤثر کارروائیاں دہشت گرد عناصر کے مذموم عزائم ناکام بنانے میں اہم کردار ادا کررہی ہے، صدر مملکت، وزیراعظم کا سکیورٹی فورسز کو خراجِ تحسین

راولپنڈی (جی این ایم) سکیورٹی فورسز نے خیبر پختونخوا کے علاقے شمالی وزیرستان میں کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ کارروائی کر کے 5 خوارج جہنم واصل کردیے، جبکہ 2 زخمی ہوگئے۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق خیبر پختونخوا میں سکیورٹی فورسز کی عزم استحکام ویژن کے تحت فتنہ الخوارج کے خلاف جاری کارروائیوں کے دوران سکیورٹی فورسز نے شمالی وزیرستان اور گردونواح میں فتنہ الخوارج کے ٹھکانوں کو کامیابی سے نشانہ بنایا۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق سکیورٹی فورسز نے فتنہ الخوارج کی نقل و حرکت پر مسلسل نگرانی رکھتے ہوئے ان کے خلاف فیصلہ کن کارروائی کی، سکیورٹی فورسز عزم استحکام وژن کے تحت دہشت گردی کے مکمل خاتمے اور پائیدار امن کے قیام کیلئے پرعزم ہیں۔ دریں اثنا صدرِ مملکت آصف علی زرداری نے شمالی وزیرستان میں فتنہ الخوارج کے (باقی صفحہ 3 نمبر34)

پاکستانی مندوب عاصم افتخار احمد کی صدر جنرل اسمبلی سے الوداعی ملاقات

اقوام متحدہ (جی این ایم) اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب عاصم افتخار احمد نے جنرل اسمبلی کے صدر ڈاکٹر خلیل الرحمن سے الوداعی ملاقات کی۔ اقوام متحدہ میں پاکستان کے مشن کی جانب سے جاری پریس ریلیز کے (باقی صفحہ 3 نمبر17)

حکومت بلوچستان کے نوجوانوں کی ترقی اور خوشحالی کے لیے ہمہ وقت پرعزم ہے، صالح محمد ناصر

چیف منسٹر بلوچستان ایمپلائمنٹ پروگرام نوجوانوں کے روشن مستقبل کے جانب ایک اہم قدم ہے' خطاب

کوئٹہ (اے این این) چیف منسٹر بلوچستان ایمپلائمنٹ پروگرام کے تحت کراچی میں کیوٹیکنالوجیز کے شراکت سے بلوچستان سے اس پروگرام کے تحت پہلے بیچ کے منتخب نوجوانوں کے اعزاز میں تقریب منعقد کی گئی۔ تقریب سے سیکرٹری لیبر اینڈ مین پاور بلوچستان صالح محمد ناصر۔ ایم ڈی بی ٹیوٹا بلوچستان عبدالکبیر خان زرکون۔ ڈی جی نیوٹیک سندھ فدا محمد خان بازئی۔ کیوٹیکنالوجیز (باقی صفحہ 3 نمبر37)

کوئٹہ، کلی شموزئی بائی پاس کے قریب سے ایک شخص کی لاش برآمد

کوئٹہ (جی این ایم) کوئٹہ کے علاقے کلی شموزئی بائی پاس کے قریب سے ایک نامعلوم شخص کی لاش ملی ہے۔ ایدھی ذرائع کے مطابق اطلاع ملنے پر ایدھی کی ریسکیو ٹیم فوری طور پر موقع پر پہنچی اور لاش کو تحویل میں لے کر ضابطے کی کارروائی (باقی صفحہ 3 نمبر36)

ضلع گوادر میں لکڑی اور جنگلاتی پیداوار کی غیر مجاز نقل وحمل پر دفعہ 144 کے تحت پابندی عائد

محکمہ داخلہ بلوچستان کے حکم نامے کے مطابق حکومتی احکامات کی مکمل پابندی یقینی بنائی جائے: ڈپٹی کنزرویٹر جنگلات

گوادر (خ ن) ڈپٹی کنزرویٹر جنگلات ضلع گوادر اسداللہ نے تمام ٹرانسپورٹرز، ٹھیکیداران، آرا مشین مالکان، لکڑی کے کاروبار سے وابستہ افراد اور عوام الناس کو آگاہ کیا ہے کہ حکومت بلوچستان، محکمہ داخلہ کے حکم نامہ نمبر 1898 مورخہ 26 ستمبر 2026ء کے تحت دفعہ 144 ضابطہ فوجداری 1898 کے تحت صوبے میں لکڑی اور دیگر جنگلاتی پیداوار کی غیر مجاز نقل وحمل، ترسیل اور منتقلی پر پابندی عائد کردی گئی ہے لہذا ضلع گوادر کی حدود میں تمام متعلقہ افراد حکومتی احکامات کی مکمل پابند (باقی صفحہ 3 نمبر35)



کوئٹہ، صوبائی وزیر منصوبہ بندی وترقیات میر ظہور احمد بلیدی سے وفد ملاقات کررہا ہے